CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر
امروز
www.dailyimroze.com

جلد: 19 | جمعۃ المبارک، 19 جون 2026ء، 3 محرم الحرام 1448ھ (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 168

امریکا اور ایران نے معاہدے پر دستخط کر دیے

تاریخی معاہدے کے تحت ایران فوری طور پر آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھول دے گا جبکہ امریکا بحری ناکہ بندی ختم کرے گا، یہ مفاہمتی یادداشت فوری طور پر نافذ العمل ہوگی

پاکستان شریک ثالث قطر کی حمایت سے سوئٹزرلینڈ میں سرکاری تقریب کی میزبانی کرے گا تاکہ اس تاریخی پیش رفت کی یاد منائی جا سکے اور تکنیکی مذاکرات شروع ہو سکیں

وائٹ ہاؤس اور ایرانی میڈیا نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور صدر مسعود پزشکیان کی الیکٹرانک دستخط کرتے ہوئے ویڈیوز اور تصاویر جاری کر دیں، وزیر اعظم نے دونوں قیادتوں کو مبارکباد دی

وزیر اعظم شہباز شریف نے امید ظاہر کی ہے کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پورے خطے کے لیے زیادہ بہتر باہمی فہم، باہمی احترام اور مشترکہ خوشحالی کی پائیدار بنیاد بنے گی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے امریکا ایران معاہدے پر الیکٹرانک دستخط کی توثیق کر دی ہے، سماجی ویب سائٹ پر انھوں نے لکھا کہ امریکا اور ایران کے درمیان اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہو گئے۔ پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ انھیں یہ اعلان کرتے ہوئے اعزاز حاصل ہو رہا ہے کہ تاریخی ''اسلام آباد مفاہمتی یادداشت'' پر امریکا اور ایران نے الیکٹرانک طور پر دستخط کر دیے ہیں۔ ایکس (X) پر ایک پوسٹ میں انھوں نے کہا ''اس مفاہمتی یادداشت پر دونوں ممالک کے معزز صدور نے دستخط کیے ہیں اور بہ طور ثالث میں نے بھی اس کی توثیق کی ہے۔ متعلقہ حکومتوں کی اعلیٰ ترین سطح پر اس معاہدے پر دستخط اس بات کا مظہر ہیں کہ دونوں فریق تنازع کے (بقیہ نمبر 1)



معاہدے پر دنیا خوش، شکریہ پاکستان، ٹرمپ

امریکی صدر کی پریس کانفرنس، پاکستان اور قطر کے ثالثی کردار کی تعریف، ایران معاہدے پر جلد دستخط کی امید کا اظہار

ڈونلڈ ٹرمپ کا ایران سے جوہری مواد نا کارہ بنانے کا دعویٰ، معاہدے کا کریڈٹ پاکستان اور قطر کے مذاکرات کاروں کو دیدیا

پیرس (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ پاکستان اور قطر نے ایران امریکہ مذاکرات میں بہت کام کیا، ہوسکتا ہے کہ ایران معاہدے پر بہت جلد دستخط ہو جائیں گے، جی سیون اجلاس کے اختتام پر امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے پریس کانفرنس کی گئی، اس موقع پر وزیر خارجہ مارکو روبیو بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ اس دوران امریکی صدر کا کہنا تھا کہ جی سیون ممالک سے ایران معاہدے کی تفصیلات پر بات کی ہے، جی سیون ممالک بہت خوش ہیں کہ ہم نے ایران سے معاہدہ کر لیا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ دنیا میں معیشت کی زبوں حالی نہیں چاہتا (بقیہ نمبر 5)

پاکستان برطانیہ کا انسداد دہشتگردی سمیت متعدد شعبوں میں تعاون پر اتفاق

برطانوی نائب وزیر خارجہ کا وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی عالمی امن کوششوں اور تاریخی کردار کا اعتراف

ملاقات میں انسداد دہشت گردی، پولیس ٹریننگ، ادارہ جاتی تعاون اور جعلی اسٹوڈنٹ ویزوں کے خاتمے کے لیے مشترکہ عزم کا اظہار

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے برطانوی نائب وزیر خارجہ ہمیش فالکنر نے ملاقات کی جس میں پاک برطانیہ تعلقات اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ برطانوی نائب وزیر خارجہ نے امریکہ ایران مفاہمت پر پاکستان کے مثبت اور بھرپور کردار کو سراہا۔ برطانوی نائب وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستانی وزیر اعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے امن کے لیے تاریخی کردار ادا کیا۔ ہمیش فالکنر نے کہا کہ ایران امریکہ مفاہمت نے پاکستان کو عالمی امن کوششوں کے مظہر دار بنا کر پیش کیا ہے۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے مابین انسداد دہشت گردی، انسداد غیر قانونی مائیگریشن، ادارہ جاتی تعاون، پولیس ٹریننگ سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ محسن نقوی (بقیہ نمبر 6)

افغان طالبان اپنے وعدے پورے کرنے میں ناکام رہے ہیں، واشنگٹن ٹائمز

واشنگٹن ٹائمز کی رپورٹ میں پاکستان کے ساتھ انٹیلی جنس تعاون بڑھانے کی اہم تاکید

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) افغانستان میں دہشت گرد تنظیموں کے اثر و رسوخ میں اضافے کے نتیجے میں خطے کی سیکورٹی صورتحال تشویشناک ہوتی جا رہی ہے۔ افغان طالبان کے زیر ا (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد میں سابق شوہر کی فائرنگ

سابقہ بیوی اور ساس کو قتل کرنے کے بعد ملزم فرار

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) جی سکس ون فور میں سابق شوہر نے اپنی سابقہ بیوی اور ساس کو قتل کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق راولپنڈی کے رہائشی بلال نے چار یوم قبل بیوی کو طلاق دی تھی۔ بعد ازاں راولپنڈی سے اسلحہ سمیت اسلام آباد پہنچا اور سابقہ بیوی اور ساس کو فائرنگ کر (بقیہ نمبر 3)

سپریم کورٹ کا ملازمین کے لیے بڑا فیصلہ

یوٹیلیٹی الاؤنس میں سو فیصد اضافے کی منظوری دے دی گئی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سپریم کورٹ آف پاکستان نے ملازمین کے لیے بڑا فیصلہ کیا ہے، ملازمین کے یوٹیلیٹی الاؤنس میں 100 فی صد اضافہ کر دیا گیا۔ چیف جسٹس آف پاکستان نے یوٹیلیٹی الاؤنس میں اضافے کی منظوری دے دی، الاؤنس میں اضافے کا اطلاق یکم جولائی (بقیہ نمبر 4)

جی سیون سمٹ آبنائے ہرمز پر انحصار کم کرنے پر اتفاق، اعلامیہ جاری

جی سیون سمٹ کا امریکہ ایران امن معاہدے کا خیر مقدم، ہرمز پر انحصار کم کرنے اور مستقل لبنان جنگ بندی پر اتفاق

عالمی رہنماؤں کا ایران کو جوہری ہتھیاروں سے روکنے کا عزم، یوکرین کی آزادی ترجیح اور روس پر دباؤ بڑھانے کا فیصلہ

پیرس (مانیٹرنگ ڈیسک) جی سیون ممالک نے آبنائے ہرمز پر انحصار کم کرنے پر اتفاق کر لیا اور اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ ایران کو کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے دینگے۔ عالمی میڈیا کے مطابق فرانس میں منعقدہ جی سیون سمٹ کے مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ شرکا نے امریکہ ایران معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے۔ رہنماؤں نے آبنائے ہرمز پر انحصار کم کرنے پر اتفاق کیا۔ مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ بغیر کسی پابندی یا (بقیہ نمبر 32)

ایران و امریکا معاہدہ، وزیر اعظم و فیلڈ مارشل نے تاریخی کردار ادا کیا، برطانوی نائب وزیر خارجہ

برطانوی نائب وزیر خارجہ کا امریکہ ایران مفاہمت میں پاکستان کے تاریخی کردار کا اعتراف، دہشت گردی اور اسمگلنگ کے خلاف کارروائی پر اتفاق

برطانیہ کا وزیر اعظم اور آرمی چیف کی امن کوششوں کو سراہنے کا اعلان، جعلی ویزوں کے خاتمے کیلئے مشترکہ اقدامات پر اتفاق

اسلام آباد (خبرنگار) برطانوی نائب وزیر خارجہ ہمیش فالکنر نے ایران اور امریکہ کے درمیان مفاہمت کے لیے پاکستان کے مثبت کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور عاصم منیر نے امن کے قیام کے لیے تاریخی کردار ادا کیا، جبکہ اس مفاہمت نے پاکستان کو عالمی (بقیہ نمبر 33)

قومی دفاع کیلئے حکومت کا ساتھ دیں گے، بلاول

بلاول بھٹو زرداری نے قومی اسمبلی میں خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے سیاسی مسائل پسِ پشت ڈال کر قومی مفاد اور ملکی دفاع کا ساتھ دینے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا

چیئرمین پیپلز پارٹی نے امریکا ایران مفاہمتی یادداشت کو تاریخی پیشرفت قرار دیتے ہوئے خطے میں امن کے قیام پر وزیر اعظم، صدر اور آرمی چیف کو مبارکباد پیش کی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا نے بھی اپنے سیاسی مسائل کو ایک طرف رکھ کر فیصلہ کیا، کے پی حکومت نے فیصلہ کیا قومی مفاد میں حصہ ڈالیں گے، پی ٹی آئی کے فیصلے کو اس فلور پر ویلکم کرتا ہوں، اگر اسی انداز میں قومی مفاد کیلئے کام کرتے رہے تو ہر مشکل کا مقابلہ کریں گے، حکومت کے ساتھ طے کیا ہے کہ قومی دفاع کیلئے اپنا حصہ دیں گے، این ایف سی ایوارڈ، مالی وسائل کو محفوظ رکھا گیا ہے، صوبوں کا این ایف سی حصہ محفوظ ہے۔ نجی ٹی وی چینل جیو نیوز کے مطابق قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ امریکا ایران مفاہمتی یادداشت پر دستخط تاریخی پیشرفت ہے، خطے میں قیام امن پر وزیر اعظم اور صدر مملکت کو مبارکباد پیش کرتا (بقیہ نمبر 25)

ملک میں نفرت انگیز بیانیوں کی حوصلہ شکنی کی ضرورت

نفرت کو فروغ دینے والے بیانیوں کی حوصلہ شکنی جبکہ مثبت، تعمیری اور بامقصد مکالمے کو فروغ دینے کی ضرورت ہے

نفرت انگیز تقاریر سماجی یکجہتی، جمہوری اقدار اور پرامن بقائے باہمی کو نقصان پہنچاتی ہیں: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی



اسلام آباد (ڈیلی پاکستان آن لائن) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے معاشرے میں رواداری، ہم آہنگی اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ نفرت انگیز تقاریر سماجی یکجہتی، جمہوری اقدار اور پرامن بقائے باہمی کو نقصان پہنچاتی ہیں، ملک میں تقسیم اور نفرت کو فروغ دینے والے بیانیوں کی حوصلہ شکنی جبکہ مثبت، تعمیری اور بامقصد مکالمے کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ ''نفرت انگیز بیانات کے انسداد کے عالمی دن'' کے مو (بقیہ نمبر 26)

پیٹرول 225 روپے فی لیٹر مقرر، قیمت 3 سال کیلئے منجمد کی جائے، جماعت اسلامی

امیر جماعت اسلامی کا پیٹرول دو سو پچیس روپے کرنے اور تین سال تک قیمت منجمد رکھنے کا بڑا مطالبہ

ایران امریکہ معاہدے کے بعد عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں کم ہونے پر پاکستان میں فوری ریلیف کا مطالبہ

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے لیے جمعہ 19 جون کو ملک گیر احتجاج کا اعلان کیا ہے۔ منصورہ سے جاری ویڈیو پیغام اور ایکس بیان میں انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پٹرول کی (بقیہ نمبر 27)

ایران امریکا جنگ بندی معاہدے کی کاپی جاری

دونوں ممالک کے صدور کے الیکٹرانک دستخط کے بعد حتمی متن طے پا گیا

تہران: ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے امریکا کے ساتھ ہونے والے جنگ بندی معاہدے کی کاپی میڈیا کے ساتھ شیئر کر دی جس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بھی دستخط موجود ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ پہلا موقع ہے کہ بین الاقوامی سطح پر دو ملکوں کے درمیان ہونے والا معاہدہ الیکٹرانک دستخط کے ذریعے ہوا ہے۔ واضح رہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی معاہدے کی تقریب جمعہ کو سوئزرلینڈ میں طے ہے جس میں امریکی، ایرانی وفود سمیت ثالثی کا اہم کردار ادا کرنے والے پاکستان سمیت سعودی عرب، قطر، ترکیہ اور مصر کے قائدین بھی شریک ہوں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق معاہدے پر ایرانی اور امریکی دونوں صدور کی دستخط کے بعد (بقیہ نمبر 29)

ایران امریکا مفاہمتی یادداشت کے بعد وضاحت جاری

تہران: ایران اور امریکا کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے معاہدے کی تفصیلات اور آئندہ کے سفارتی لائحہ عمل پر اہم وضاحتیں جاری کی ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے سرکاری ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے تصدیق کی کہ معاہدے کے (بقیہ نمبر 28)

معاہدے کا سارا کریڈٹ پاکستان کو ہی جاتا، روسی میڈیا، عالمی امن کا ضامن قرار

روسی میڈیا کی تعریف، پاکستان کی سفارتی کامیابی سے امریکہ ایران معاہدہ ممکن، عالمی امن کو نئی امید

پاکستانی ثالثی کا اعتراف، روسی میڈیا نے امن معاہدے میں پاکستان کے کلیدی کردار کو سراہا

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روسی میڈیا نے امریکہ ایران معاہدے میں پاکستان کے قائدانہ کردار کی تعریف کرتے ہوئے پاکستان کو عالمی امن کا ضامن قرار دے دیا۔ روسی خبر رساں ایجنسی ٹاس نے پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات (بقیہ نمبر 30)

حکومت نے مشکل حالات کے باوجود ریلیف پر مبنی بجٹ بنایا، عطا تارڑ

مشکل حالات کے باوجود ریلیف بجٹ کی تیاری، ٹیکس نہ دینے والوں کا بوجھ ٹیکس گزاروں پر نہ ڈالنے کا حکومتی دعویٰ

وزیر اطلاعات کا تنخواہ دار طبقے، برآمد کنندگان اور کاروباری شعبے کو بڑا ریلیف دینے اور معاشی استحکام کی جانب پیشرفت کا تذکرہ

اسلام آباد (خبرنگار) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ مشکل حالات کے باوجود ریلیف پر مبنی بجٹ بنایا، ٹیکس نہ دینے والے کا بوجھ ٹیکس دینے والے پر نہیں ڈالا، تنخواہ دار طبقے، برآمد کنندگان اور کاروباری شعبے کو بڑا ریلیف دیا گیا ہے، وزیر اعظم، وزیر خزانہ، فیلڈ مارشل، ایس آئی ایف سی اور دیگر تمام متعلقہ اداروں کی مشترکہ کاوشوں سے ملک معاشی استحکام کی جانب بڑھ رہا ہے، بعض عناصر بجٹ کے خدوخال جانے بغیر تنقید برائے تنقید کر رہے ہیں، ایسے عناصر منفی ماحول پیدا کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں، ملک کو آئی ایم ایف سے ہمیشہ ن لیگ کی حکومت نے نجات دلائی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی کے ہمراہ آئندہ مالی سال 27-2026 کے بجٹ (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد سیکیورٹی کے لیے خصوصی ایپ تیار

محفوظ محرم ایپلی کیشن کے ذریعے ڈیجیٹل نگرانی کا عمل شروع

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): اسلام آباد میں سیکیورٹی انتظامات کے لیے تاریخ میں پہلی بار خصوصی ایپ تیار کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت کی تاریخ میں پہلی بار محرم الحرام کے دوران امن و امان اور سیکیورٹی کو فول پروف بنانے کے لیے 'محفوظ محرم' کے نام (بقیہ نمبر 24)

کراچی میں دس لاکھ کا مطلوب ڈاکو گرفتار

پارہ چنار بینک ڈکیت گروہ کا سرگرم ملزم اسلحہ سمیت پکڑا گیا

کراچی (نیوز ڈیسک) اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ (ایس آئی یو) اور سی آئی اے نے تھانہ سمن آباد کی حدود میں ایک مشترکہ اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 10 لاکھ روپے سر کی قیمت والے انتہائی مطلوب اشتہاری ڈاکو کو گرفتار کر لیا ہے۔ ایس ایس پی ایس آئی یو ڈاکٹر سمیع اللہ (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد پولیس میں سینکڑوں اسامیاں منظور

انیس سو چونتیس نئی آسامیوں پر بھرتیوں کی باقاعدہ منظوری دیدی گئی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) بے روزگار پاکستانی نوجوانوں کے لیے بڑی خوشخبری ہے کہ سیکڑوں نئی سرکاری اسامیوں پر بھرتی کی منظوری دے دی گئی ہے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق وفاقی پولیس (اسلام آباد پولیس) میں سیکڑوں نئی اسامیوں کی منظوری کے ساتھ ان پر بھرتیوں کی منظوری بھی دے دی گئی ہے۔ اسلام آباد پولیس میں ایک ہزار 934 نئی اسامیوں کی منظوری دی گئی ہے اور ان پر بھرتیاں اسپیشل پروٹیکشن یونٹ اور لا اینڈ آرڈر ڈویژن میں کی جائیں گی۔ وی (بقیہ نمبر 22)

تہران مضبوط پوزیشن سے سفارت کاری میں مصروف

عسکری کامیابیوں کو سیاسی اور قانونی معاہدوں میں تبدیل کرنا ضروری ہے

تہران (نیوز ڈیسک) ایران کے پارلیمانی اسپیکر اور چیف مذاکرات کار محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ ایران امریکا کے ساتھ مذاکرات ایک مضبوط اور بااعتماد پوزیشن سے کر رہا ہے اور حالیہ عسکری کامیابیوں نے تہران کے موقف کو مزید مضبوط بنایا ہے۔ ایرانی میڈیا سے گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 21)

ایران کا رویہ مثبت تو فنڈز بحال

امریکی صدر نے پاکستان اور قطر کی سفارتی کوششوں کو سراہا

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اگر ایران مثبت اور تعمیری رویہ اختیار کرتا ہے تو اسے تقریباً 300 ارب ڈالر کے منجمد فنڈز تک رسائی دی جا سکتی ہے، جبکہ ایران کے ساتھ جوہری اور دیگر معاملات پر مذاکرات میں بھی پیش رفت ممکن ہے۔ اپنے ایک بیان میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ امریکا اور ایران کے درمیان جاری سفارتی عمل میں حتمی معاہدے کے لیے 60 روزہ مدت کوئی سخت یا حتمی ڈیڈ لائن نہیں ہے۔ ان کے مطابق مذاکرات کو کامیاب (بقیہ نمبر 20)

ملازمین کے یوٹیلیٹی الاؤنس میں بڑا اضافہ

چیف جسٹس آف پاکستان نے سو فیصد اضافے کی منظوری دے دی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سپریم کورٹ ملازمین کے یوٹیلیٹی الاؤنس میں 100 فیصد اضافہ کر دیا گیا جس کی چیف جسٹس آف پاکستان نے یوٹیلیٹی الاؤنس منظوری دے دی۔ یوٹیلیٹی الاؤنس میں اضافے کا اطلاق یکم جولائی 2026 سے ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق گریڈ 1 سے (بقیہ نمبر 19)

مسجد اقصیٰ کی حیثیت تبدیل کرنے کی کوشش

انتہا پسند اسرائیلی رہنماؤں کے اقدامات سے خطے میں نئی کشیدگی کا خطرہ

یروشلم (نیوز ڈیسک) اسرائیل کے بعض سخت گیر حکومتی عہدیداروں اور انتہا پسند دائیں بازو کے رہنماؤں پر الزام عائد کیا گیا ہے کہ وہ امریکا کے بعض حلقوں کے تعاون سے مسجد اقصیٰ کی تاریخی اور قانونی حیثیت تبدیل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے (بقیہ نمبر 18)

اسرائیل باز نہ آیا، لبنان پر فضائی حملے، حزب اللہ کارکنوں سے جواب

ایرانی افواج کی اسرائیل کو جنگ بندی کی خلاف ورزیوں پر سخت وارننگ

بیروت، تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) جنوبی لبنان میں ایک بار پھر کشیدگی میں اضافہ ہو گیا، اسرائیلی فوج نے متعدد فضائی حملے کیے جبکہ حزب اللہ نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے اسرائیلی افواج کی جانب کئی راکٹ فائر کیے۔ عرب میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی جنگی طیاروں (بقیہ نمبر 17)

پانی کو ہتھیار بنانا پاکستان کیلئے ناقابل قبول

وفاقی وزیر کا سندھ طاس معاہدے کے احترام پر زور، پانی میں مداخلت ملکی زراعت اور معیشت کے لیے خطرہ

بین الاقوامی فورمز پر آبی حقوق کے تحفظ کا عزم، قدرتی وسائل کو سیاسی دباؤ کا آلہ بنانے کی مخالفت

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی سینیٹر ڈاکٹر مصدق ملک یورپ کے اہم تھنک ٹینک سینٹر فار یورپین پالیسی اسٹڈیز (CEPS) کی دعوت پر برسلز پہنچ گئے جہاں وہ سرحد پار آبی وسائل، موسمیاتی تبدیلی اور علاقائی استحکام سے متعلق بین الاقوامی کانفرنس میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ کانفرنس میں دنیا بھر کے ماہرینِ ماحولیات، سفارت کار، پالیسی ساز اور آبی وسائل کے ماہرین شریک ہوں گے جبکہ پاکستان کی (بقیہ نمبر 7)

ریگل چوک الیکٹرونکس مارکیٹ میں آگ لگ گئی

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد میں صدر ریگل چوک کے قریب الیکٹرونکس مارکیٹ میں آگ بھڑک اٹھی۔ اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کا عملہ موقع پر پہنچ گیا جبکہ کراچی موبائل اینڈ الیکٹرونکس ڈیلر ایسوسی ایشن کے عہدیدار بھی موقع پر پہنچ گئے اور آگ پر قابو پانے کی (بقیہ نمبر 8)

ملیر میمن گوٹھ میں فائرنگ سے دو اہلکار زخمی

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد کے علاقے ملیر میمن گوٹھ سولنگی چوک کے قریب فائرنگ کے واقعے میں دو پولیس اہلکار زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق زخمی ہونے والے اہلکاروں کو فوری طور پر قریبی نجی اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ زخمی (بقیہ نمبر 9)

دبئی کی مصروف شاہراہ پر واقع ایمریٹس فنانشل ٹاورز میں آگ بھڑک اٹھی

دبئی (نیوز ڈیسک) متحدہ عرب امارات کے شہر دبئی کی مصروف ترین شاہراہ شیخ زید روڈ پر واقع ایمریٹس فنانشل ٹاورز میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا اور آسمان کی طرف اٹھتے دھوئیں کے بادل دور دور تک دیکھے گئے۔ دبئی (بقیہ نمبر 10)

بجٹ میں کوئی کٹوتی نہیں، ٹیکس ریونیو 519 ارب مجتبیٰ شجاع

وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل کی عالمی امن کوششوں کا اعتراف، پنجاب حکومت کی طرف سے اخراجات محدود کرنے کا دعویٰ

صوبے میں یکساں ترقی کا عمل جاری، وفاقی گرانٹس میں پنجاب کا بڑا حصہ اور داخلی وسائل میں اضافے پر خصوصی توجہ کا تذکرہ

لاہور (بیورو رپورٹ) سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ معاشی استحکام اور ترقیاتی منصوبے پنجاب حکومت کی ترجیح ہیں، وزیر اعظم کی بہترین کارکردگی سے معیشت میں بہتری آئی۔ مریم اورنگزیب اور وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمن نے پوسٹ بجٹ نیوز کانفرنس (بقیہ نمبر 11)

تاجروں کے لیے کراچی پورٹ ٹیرف منجمد

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) کاروباری طبقے کے لیے خوشخبری ہے کہ حکومت نے ان کے لیے بڑے ریلیف کا اعلان کر دیا ہے (بقیہ نمبر 12)

پنجاب میں دو ہزار سے زائد مفت ٹرانسپلانٹ

وزیر اعلیٰ پروگرام کے تحت پانچ ارب روپے کی لاگت سے کامیاب آپریشنز مکمل

لاہور (نیوز ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب ٹرانسپلانٹ پروگرام کے تحت پنجاب بھر کے منتخب سرکاری اور پرائیویٹ اسپتالوں میں ٹرانسپلانٹ کے مریضوں کو مفت علاج کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ مذکورہ پروگرام کے تحت صوبے میں اعضا کی پیوند کاری کے شعبے میں نمایاں (بقیہ نمبر 13)

پاکستان کا 30 ایرانی شہریوں کی وطن واپسی میں سہولت فراہم کرنے کا اعلان

برطانوی جہاز کے ریسکیو کردہ آٹھ ماہی گیروں اور امریکی تحویل سے رہا بائیس عملے کے ارکان کی واپسی میں سہولت فراہم

محفوظ اور بروقت واپسی یقینی بنانے کے لیے پاکستان کا ایران، امریکہ اور برطانیہ کے متعلقہ حکام کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار

اسلام آباد (خبرنگار) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے 30 ایرانی شہریوں کی واپسی میں سہولت فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں اسحاق ڈار نے لکھا کہ پاکستان انسانی ہمدردی کی بنیاد پر 30 ایرانی شہریوں کی (بقیہ نمبر 14)

کراچی میں بین الصوبائی منشیات فروش گرفتار

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد میں اسپیشل انویسٹی گیشن پولیس نے بین الصوبائی منشیات نیٹ ورک سے منسلک کارندے (بقیہ نمبر 16)

ٹیکساس میں چھوٹا طیارہ ہائی وے پر تباہ

شہریوں کی بروقت کارروائی سے متعدد مسافروں کی زندگیاں بچالی گئیں

ٹیکساس (نیوز ڈیسک) امریکا کی ریاست ٹیکساس کے شہر لاریڈو میں ایک چھوٹا جیٹ طیارہ ہائی وے پر گر کر تباہ ہو گیا، جس کے نتیجے میں ایک شخص جان کی بازی ہار گیا، تاہم حادثے کے فوراً بعد شہریوں کی بروقت امدادی کارروائی نے کئی مسافروں کی زندگیاں بچانے میں ا (بقیہ نمبر 15)

چارلی چیپلن

تحریروں کی نگری
میاں کلیم جہانگیر
kaleemjahangir01@gmail.com

چارلی چیپلن دنیا کی تاریخ کے اُن عظیم فنکاروں میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے اپنی غیر معمولی صلاحیت، تخلیقی ذہانت اور بے مثال اداکاری کے ذریعے لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں انسانوں کے دلوں میں مستقل جگہ بنائی۔ ان کا پورا نام سر چارلس اسپینسر چیپلن تھا۔ وہ 16 اپریل 1889ء کو لندن، انگلینڈ میں پیدا ہوئے۔ ان کی زندگی غربت، مشکلات، محرومیوں اور جدوجہد سے عبارت تھی، لیکن انہی مشکلات نے انہیں ایک ایسا فنکار بنا دیا جس کی مثال دنیا میں بہت کم ملتی ہے۔ ان کا شمار فلمی دنیا کے ان عظیم ترین اداکاروں میں ہوتا ہے جنہوں نے خاموش فلموں کے دور کو اپنے فن کی بدولت ہمیشہ کے لیے امر کر دیا۔ چارلی چیپلن کا بچپن انتہائی کٹھن حالات میں گزرا۔ ان کے والد ایک گلوکار اور اداکار تھے لیکن شراب نوشی کے باعث خاندان سے دور ہو گئے، جبکہ ان کی والدہ بھی اسٹیج پر پرفارم کیا کرتی تھیں۔ مالی تنگی اور گھریلو مسائل کی وجہ سے چیپلن کو کم عمری میں ہی زندگی کی سختیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ کئی مرتبہ ایسا ہوا کہ انہیں اور ان کے بھائی کو یتیم خانوں اور سرکاری پناہ گاہوں میں رہنا پڑا۔ غربت کی یہ تلخ یادیں بعد میں ان کی فلموں کا اہم موضوع بن گئیں، جہاں وہ معاشرے کے غریب اور محروم طبقے کی نمائندگی کرتے نظر آتے ہیں۔ بچپن ہی سے ان میں اداکاری اور تفریح کا شوق موجود تھا۔ انہوں نے بہت کم عمر میں اسٹیج پر پرفارم کرنا شروع کر دیا تھا۔ ان کی فطری صلاحیت اور غیر معمولی مشاہدے کی قوت نے انہیں جلد ہی دوسرے فنکاروں سے ممتاز کر دیا۔ وہ لوگوں کے انداز، حرکات و سکنات اور روزمرہ زندگی کے دلچسپ پہلوؤں کو نہایت باریکی سے دیکھتے اور بعد میں اپنی اداکاری میں شامل کرتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ ان کی مزاح حقیقت سے قریب اور دل کو چھو لینے والی محسوس ہوتی تھی۔ 1910ء میں وہ ایک تھیٹر کمپنی کے ساتھ امریکہ گئے۔ یہ سفر ان کی زندگی کا اہم موڑ ثابت ہوا۔ امریکی فلمی صنعت اُس وقت ترقی کے ابتدائی مراحل میں تھی اور خاموش فلموں کا دور اپنے عروج کی طرف بڑھ رہا تھا۔ چارلی چیپلن کی صلاحیتوں نے جلد ہی فلم سازوں کی توجہ حاصل کر لی اور انہیں فلموں میں کام کرنے کا موقع مل گیا۔ چند ہی برسوں میں وہ امریکہ کے مقبول ترین اداکار بن گئے۔ ان کی سب سے مشہور تخلیق "دی ٹرامپ" کا کردار تھا۔ اس کردار میں وہ ایک چھوٹی مونچھ، ڈھیلی پتلون، تنگ کوٹ، بڑی جوتیاں اور ہاتھ میں چھڑی لیے نظر آتے تھے۔ یہ کردار بظاہر ایک غریب اور بے سہارا شخص کا تھا لیکن اس کی شخصیت میں خودداری، امید، محبت اور انسانیت کی جھلک نمایاں ہوتی تھی۔ دنیا بھر کے ناظرین نے اس کردار کو بے حد پسند کیا اور یہی کردار چارلی چیپلن کی شناخت بن گیا۔ چیپلن کی فلمیں محض ہنسانے کے لیے نہیں ہوتیں تھیں بلکہ ان میں گہرے سماجی اور انسانی پیغامات بھی موجود ہوتے تھے۔ وہ مزاح کے ذریعے غربت، ناانصافی، طبقاتی فرق، بے روزگاری اور انسانی دکھوں کو بیان کرتے تھے۔ ان کی فلم "دی کڈ" ایک یتیم بچے اور ایک غریب شخص کے تعلق کی دل کو چھو لینے والی کہانی ہے۔ اس فلم میں انسانی محبت، شفقت اور قربانی کا ایسا منظر نامہ پیش کیا گیا جو آج بھی لوگوں کو متاثر کرتا ہے۔ 1925ء میں بننے والی فلم "دی گولڈ رش" کو ان کے بہترین شاہکاروں میں شمار کیا جاتا ہے۔ اس فلم میں انہوں نے غربت، بھوک اور انسانی جدوجہد کو مزاحیہ انداز میں پیش کیا۔ اسی طرح "سٹی لائٹس" ایک نابینا لڑکی اور ایک غریب شخص کی محبت کی داستان ہے جو جذبات اور انسانیت سے بھرپور ہے۔ اس فلم کے آخری مناظر کو سینما کی تاریخ کے بہترین اور موثر ترین مناظر میں شمار کیا جاتا ہے۔ 1936ء میں ریلیز ہونے والی فلم "ماڈرن ٹائمز" صنعتی انقلاب اور مشینی دور پر ایک شاندار طنز تھی۔ اس فلم میں چیپلن نے دکھایا کہ کس طرح مشینوں کی بڑھتی ہوئی اہمیت انسان کو اپنی گرفت میں لے رہی ہے۔ انہوں نے مزدوروں کے مسائل اور سرمایہ دارانہ نظام کی خامیوں کو نہایت خوبصورتی سے اجاگر کیا۔ یہ فلم آج بھی جدید معاشرتی مسائل کو سمجھنے میں مدد دیتی ہے۔ 1940ء میں انہوں نے "دی گریٹ ڈکٹیٹر" کے نام سے ایک جرات مندانہ فلم بنائی۔ اس وقت دنیا دوسری جنگ عظیم کے حالات سے گزر رہی تھی اور ایڈولف ہٹلر کا خوف پوری دنیا پر چھایا ہوا تھا۔ چیپلن نے اس فلم میں آمریت، ظلم اور نفرت کے خلاف آواز بلند کی۔ فلم کے اختتام پر ان کی تقریر انسانی مساوات، آزادی اور محبت کا ایک لازوال پیغام ہے جسے آج بھی دنیا بھر میں یاد کیا جاتا ہے۔ چارلی چیپلن صرف اداکار ہی نہیں تھے بلکہ وہ مصنف، ہدایت کار، پروڈیوسر اور موسیقار بھی تھے۔ وہ اپنی فلموں کے بیشتر پہلوؤں پر خود کام کرتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ ان کی فلموں میں ایک منفرد ہم آہنگی اور تخلیقی معیار نظر آتا ہے۔ انہوں نے فلمی صنعت میں کئی نئی روایات قائم کیں اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک معیار مقرر کیا۔ ان کی ذاتی زندگی مختلف نشیب و فراز سے بھرپور رہی۔ انہیں کئی تنازعات کا سامنا کرنا پڑا اور سیاسی نظریات کے باعث بھی تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ سرد جنگ کے زمانے میں امریکہ میں ان پر کمیونزم سے ہمدردی کے الزامات لگائے گئے، جس کے نتیجے میں انہیں مشکلات پیش آئیں۔ بعد ازاں وہ سوئٹزرلینڈ منتقل ہو گئے اور اپنی زندگی کا بڑا حصہ وہیں گزارا۔ اگرچہ انہیں اپنی زندگی میں کئی مشکلات اور جذباتی تلخیوں کا سامنا کرنا پڑا، لیکن ان کے فن کی عظمت کبھی کم نہ ہوئی۔ 1972ء میں انہیں اکیڈمی ایوارڈ کی جانب سے اعزازی آسکر دیا گیا۔ اس موقع پر انہیں بارہ منٹ تک مسلسل کھڑے ہو کر داد دی گئی، جو آسکر کی تاریخ کے طویل ترین تعریفی استقبالوں میں شمار ہوتی ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت تھا کہ دنیا ان کی خدمات اور فن کو کس قدر سراہتی ہے۔ چارلی چیپلن 25 دسمبر 1977ء کو سوئٹزرلینڈ میں وفات پا گئے، لیکن ان کا نام، ان کا فن اور ان کا پیغام آج بھی زندہ ہے۔ ان کی فلمیں آج بھی دیکھی جاتی ہیں اور نئی نسلیں ان سے متاثر ہوتی ہیں۔ انہوں نے ثابت کیا کہ حقیقی فنکار وہی ہوتا ہے جو لوگوں کو ہنساتے ہوئے ان کے دلوں کو چھو لے اور انہیں زندگی کے اہم حقائق سے روشناس کرائے۔ چارلی چیپلن کی شخصیت اس حقیقت کی روشن مثال ہے کہ غربت اور مشکلات انسان کی راہ میں رکاوٹ ضرور بن سکتی ہیں لیکن اگر عزم، محنت اور صلاحیت موجود ہو تو کامیابی کے بلند ترین مقام تک پہنچا جا سکتا ہے۔ انہوں نے دنیا کو صرف مزاح نہیں دیا بلکہ انسانیت، محبت، ہمدردی اور امید کا ایسا پیغام دیا جو زمانے کی تبدیلی کے باوجود آج بھی اتنا ہی موثر اور زندہ ہے جتنا ان کے دور میں تھا۔ یہی وجہ ہے کہ چارلی چیپلن کو نہ صرف فلمی دنیا کا عظیم فنکار بلکہ انسانیت کا ایک لازوال سفیر بھی کہا جاتا ہے۔

عدم برداشت

سُخن دِلنواز
ڈاکٹر نواز کنول
03027195317

جدید ٹیکنالوجی اور سہولیات سے آراستہ دور حاضر کا انسان برق رفتاری سے ان دیکھی منزلوں کو مسخر کرنے کا عزم صمیم لیے سمند وقت پہ سوار ہے۔ معاشرتی، معاشی، تہذیبی و ثقافتی حوالے سے بدلتے حالات کے تقاضوں کے مطابق ایک بے کلی کی کیفیت بھی طاری ہے۔ حصول زر کی دوڑ نے پرسکون و پروقار اقدار سے محرومی کا شکار کر دیا ہے، ہر دوسرا شخص ہیجان خیز زندگی گزار رہا ہے۔ روپے پیسے کے حصول کے لیے دیار غیر کی طرف سفر کے لیے، پرخطر ذرائع اور طریقوں کا استعمال، بعض تو ان مشکلات میں زندگی کی بازی ہار جاتے ہیں۔ آج بے روزگاری، بدامنی، اور معاشرتی اقدار کی پاس داری سے روگردانی کے باعث مجموعی طور ہم عدم برداشت کا شکار ہوتے جا رہے ہیں۔ عدم برداشت کے سبب جیلیں بھری پڑی ہیں، ہسپتال زخمیوں سے اور بازاروں میں دھینگا مشتی ہے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر آپے سے باہر ہونے مطلب عدم برداشت ہی تو ہے۔ برداشت زندگی ہے، بلکہ اثاثہ زندگی ہے۔ کمال تو یہی ہے کہ جاہل کی بات سن کر صاحب علم و فضل برداشت کرے یہ بھی صدقہ ہے۔ صبر کے گھوڑے کا سوار گرتا نہیں ہے۔ تیز رفتاری، ٹریفک قوانین کی پابندی نہ کرنا، نو پارکنگ ایریا میں پارکنگ، محصول کی پرچی ادا نہ کرنا، کسی تنگ دست کو زدوکوب اور بے عزت کرنا، اپنی غلطی پہ نادم ہونے کی بجائے جھوٹی انا پہ ڈٹ جانے کی روایت کوئی اچھا فعل نہیں ہے۔ گالم گلوچ بدزبانی، بدکلامی اور برے القاب سے کسی کو پکارنا دانش مندی نہیں ہے۔ بحیثیت مجموعی ہمیں ہمت، حوصلے اور برداشت سے کام لینا ہوگا۔ کسی کی غلطی کو معاف کر دینا بہت بڑی بہادری ہے، انتقام نہ لینے اور معاف کر دینے والا ہی عظیم ہوتا ہے۔ ہمیں اپنی زندگیوں کو سہل بنانا ہوگا، جینے کے اصولوں پر عمل پیرا ہونا ہوگا۔ خطائیں معاف کر کے گلے لگانا مالک حقیقی کے دربار میں مقبول ٹھہرتا ہے۔ روزمرہ زندگی میں ہمارا واسطہ کئی لوگوں سے پڑتا ہے، ہمیں بیماروں، ناداروں مفلسوں اور امرا سے واسطہ پڑتا ہے، ہر دن ہمیں بہت کچھ سکھا کے گزر جاتا ہے، کاروار حیات میں کامیابیوں کے سلسلے صبر، برداشت، مسکراہٹ، امید اور حوصلوں سے عبارت ہیں۔ خوشیوں، محبتوں کے لازوال سلسلے اچھی یادوں سے جڑ کر امر ہو جاتے ہیں۔ آیئے ہم سب عدم برداشت کے بجائے برداشت کو اپنائیں، رواج دیں، ہر طرف سکون ہی سکون ہوگا، زیست کے چہرے پہ رونق آ جائے گی، مخلوق خدا کی دستگیری کرنے سے خالق راضی ہوگا۔ طاقت ور کو اس لیے طاقت نہیں دی گئی کہ۔ وہ کسی کمزور کا پنجہ توڑ ڈالے بلکہ اس لیے طاقت دی جاتی ہے کہ وہ کمزوروں کی دست گیری کرے۔ عدم برداشت کو ترک کرتے ہوئے ہم سب کو برداشت، صبر اور حوصلہ مندی کو فروغ دینا ہوگا تا کہ ہم بحیثیت قوم معاشرتی، سماجی، ثقافتی، تہذیبی اور معاشی لحاظ سے مضبوط اور بے مثال بن جائیں۔ یہی عزم مصمم ہماری خوشیوں اور کامیابیوں کا ضامن ٹھہرے گا

آم محبت، مہمان نوازی اور سندھ کی پہچان



تحریر: صغیر احمد راجپوت سانگھڑ

آم محبت مہمان نوازی اور سندھ کی پہچان پاکستان میں موسم گرما آتے ہی آموں کی بہار شروع ہو جاتی ہے۔ سندھ کے اضلاع میرپورخاص، عمرکوٹ اور سانگھڑ میں اعلیٰ معیار کے آم بڑی مقدار میں پیدا ہوتے ہیں۔ آم کو پھلوں کا بادشاہ کہا جاتا ہے، اور سندھ کے خوش ذائقہ آم نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا کے مختلف ممالک میں بھی اپنی مٹھاس اور منفرد ذائقے کی وجہ سے بے حد پسند کیے جاتے ہیں۔ آم کے باغات کی دیکھ بھال ایک محنت طلب عمل ہے۔ تاجر عموماً چھ ماہ قبل ہی باغات خرید لیتے ہیں اور درختوں پر بور آنے سے لے کر پھل کے پکنے تک دن رات محنت کرتے ہیں تا کہ بہترین معیار کا پھل منڈیوں اور برآمدی منڈیوں تک پہنچایا جا سکے۔ ضلع سانگھڑ کے علاقے سندھڑی کو خصوصی شہرت حاصل ہے۔ سابق وزیر اعظم محمد خان جونیجو مرحوم، جو 18 اگست 1932ء کو تھرپارکر کے گاؤں سندھڑی میں پیدا ہوئے اور 16 مارچ 1993ء کو انتقال کر گئے، نے برطانیہ سے زراعت کا ڈپلومہ حاصل کیا۔ انہوں نے اپنی ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی پر آموں کے وسیع باغات قائم کیے، جہاں سندھڑی، چونسا، لنگڑا، سرولی، گلاب خاص اور دیگر اقسام کے اعلیٰ معیار کے آم پیدا کیے جاتے ہیں۔ مرحوم محمد خان جونیجو کے بعد ان کے صاحبزادے اسد علی خان نے بھی اپنے والد کی روایت کو برقرار رکھا۔ وہ ہر سال ملک کی ممتاز سیاسی، سماجی اور قومی شخصیات کو سندھڑی آم بطور تحفہ بھیجتے ہیں، جن میں میاں نواز شریف، شہباز شریف، مرحوم میاں اظہر، محمد خان شیرپاؤ، سابق صدر غلام اسحاق خان اور دیگر اہم شخصیات شامل رہی ہیں۔ اسی طرح ٹنڈو آدم سے تعلق رکھنے والے پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق سینیٹر فدا حسین ڈیرو اور سابق رکن قومی اسمبلی نوید ڈیرو بھی ہر سال اپنے باغات کے اعلیٰ معیار کے آم دوستوں، معززین، سیاسی کارکنوں اور حلقے کے عوام کو تحفے میں بھیج کر محبت اور خلوص کا اظہار کرتے ہیں۔ یہ روایت عوام اور قیادت کے درمیان محبت اور اعتماد کو مزید مضبوط بناتی ہے۔ سندھ میں آم صرف ایک پھل نہیں بلکہ محبت، خلوص اور مہمان نوازی کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ آج بھی لوگ اپنے عزیز و اقارب، دوستوں اور احباب کو سندھڑی، لنگڑا اور سرولی جیسے اعلیٰ معیار کے آم تحفے میں بھیج کر اپنے تعلقات کو مضبوط بناتے ہیں۔ ضلع سانگھڑ کے معززین محمد اشفاق بھٹی، سردار عبداللہ پہنور، اسلم میمن، راشد راجپوت، منظور حسین چیگنزی ایڈووکیٹ، رانا انور راجپوت اور دیگر کا کہنا ہے کہ موجودہ دور میں جہاں بعض بڑے سیاست دان عام لوگوں سے ملنے میں بھی ہچکچاہٹ محسوس کرتے ہیں، وہاں ایسے فراخ دل افراد جو عوام کو محبت سے بے تحائف پیش کرتے ہیں، یقیناً قابلِ تحسین ہیں۔ ان کے بقول محبت بانٹنے کا یہ جذبہ معاشرے میں اخوت، احترام اور باہمی اعتماد کو فروغ دیتا ہے، اور ایسے افراد خراج تحسین پیش کرتے ہیں ھر دکھ سکھ میں حلقہ کی عوام کو یاد رکھتے ہیں،

بجلی کے بل کا نیا فارمیٹ

رائے شماری
پروفیسر رائے غلام رسول فہیم کھرل
03041648400
ghulamrasoolfaheem62@gmail.com

میری نظر جب بجلی کے بلوں کے نئے فارمیٹ سے متعلق خبر پر پڑی تو پہلا خیال یہی آیا کہ اسے محض ایک نمائشی تبدیلی قرار دے کر مسترد کر دینا شاید انصاف نہیں ہوگا۔ حقیقت یہ ہے کہ عوامی خدمات سے متعلق معلومات کو سادہ، واضح اور قابلِ فہم بنانا کسی بھی ذمہ دار ادارے کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اگر پاور ڈویژن اور تقسیم کار کمپنیوں نے صارفین کی شکایات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سمت میں کوئی قدم اٹھایا ہے تو اس کا اعتراف بھی ہونا چاہیے۔ البتہ کسی مثبت پیش رفت کو سراہنے کا مطلب یہ نہیں کہ نظام کے دیگر کمزور پہلوؤں سے چشم پوشی اختیار کر لی جائے۔ اصل ضرورت اس امر کی ہے کہ انتظامی بہتری کے ساتھ ساتھ ان بنیادی مسائل کا بھی سنجیدگی سے جائزہ لیا جائے جو برسوں سے عوامی بے چینی اور شکایات کا باعث بنے ہوئے ہیں۔ پاکستان میں بجلی کے بل محض ایک کاغذی دستاویز نہیں بلکہ کروڑوں شہریوں کے لیے ایک مستقل ذہنی دباؤ، گھریلو بجٹ اور معاشی منصوبہ بندی کا اہم حصہ بن چکے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب پاور ڈویژن کی ہدایت پر ڈسکوز نے بجلی کے بلوں کا نیا اور آسان فارمیٹ متعارف کرانے کا اعلان کیا تو اسے ایک مثبت پیش رفت کے طور پر دیکھا گیا۔ بظاہر یہ اقدام صارف دوست، شفاف اور سہل انداز میں معلومات کی فراہمی کے لیے اٹھایا گیا ہے، لیکن اس پیش رفت کا سنجیدہ جائزہ لیا جائے تو کئی بنیادی سوالات بھی جنم لیتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ گزشتہ کئی برسوں سے صارفین کی ایک بڑی شکایت یہ رہی ہے کہ بجلی کے بل اس قدر پیچیدہ، غیر واضح اور تکنیکی اصطلاحات سے بھرپور ہوتے ہیں کہ ایک عام آدمی کے لیے یہ سمجھنا مشکل ہو جاتا ہے کہ اصل بجلی کی قیمت کتنی ہے، مختلف ٹیکسوں اور سرچارجز کی مد میں کتنی رقم وصول کی جا رہی ہے اور مجموعی بل کس بنیاد پر تیار کیا گیا ہے۔ بعض اوقات صارفین یہ جاننے سے بھی قاصر رہتے ہیں کہ آیا ان کے یونٹس درست درج ہوئے ہیں یا نہیں۔ اس ابہام نے بجلی کے نظام پر عدم اعتماد کو جنم دیا اور شکایات میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔ نئے فارمیٹ میں اگر ادائیگی کی تاریخ، قابل ادائیگی رقم، یونٹس کی تفصیلات اور دیگر بنیادی معلومات کو زیادہ نمایاں انداز میں پیش کیا گیا ہے تو یقیناً یہ ایک خوش آئند تبدیلی ہے۔ کسی بھی عوامی خدمت کا نظام تبھی موثر تصور کیا جاتا ہے جب وہ عام آدمی کی سمجھ میں آنے والا ہو۔ ریاستی اداروں کی ذمہ داری صرف خدمات فراہم کرنا نہیں بلکہ ان خدمات سے متعلق معلومات کو سادہ، شفاف اور قابل فہم انداز میں عوام تک پہنچانا بھی ہے۔ اس لحاظ سے بجلی کے بلوں کی ازسرنو ترتیب ایک ضروری قدم ہے۔ تاہم اصل سوال یہ ہے کہ کیا صرف فارمیٹ کی تبدیلی سے عوامی مسائل حل ہو جائیں گے؟ کیا ایک خوبصورت اور منظم بل بجلی کے بڑھتے ہوئے نرخوں، بھاری ٹیکسوں، فیول ایڈجسٹمنٹ چارجز، سہ ماہی ایڈجسٹمنٹس اور دیگر اضافی بوجھ کے مسئلے کا حل بن سکتا ہے؟ یقیناً اس کا جواب نفی میں ہے۔ عوام کی بنیادی پریشانی بل کی ظاہری شکل نہیں بلکہ اس کی رقم ہے۔ اگر ایک صارف کو بیس ہزار روپے کا بل موصول ہو اور وہ تمام تفصیلات نہایت واضح انداز میں درج ہوں، تب بھی اس کی معاشی مشکلات میں کوئی کمی نہیں آ گئی۔ شفافیت اپنی جگہ اہم ہے لیکن انصاف اور استطاعت اس سے کہیں زیادہ اہم ہیں۔ ایک ایسے ملک میں جہاں مہنگائی، بے روزگاری اور آمدنی میں جمود نے متوسط اور نچلے طبقے کی زندگی کو مشکل بنا دیا ہے، وہاں بجلی کے بلوں کی بلند شرحیں سب سے بڑا مسئلہ ہیں۔ اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں کہ پیچیدہ بلنگ سسٹم نے کئی مواقع پر غلط فہمیوں، اضافی وصولیوں اور شکایات کو جنم دیا۔ اگر نیا فارمیٹ صارف کو یہ سمجھنے میں مدد دیتا ہے کہ اس کے بل میں کون کون سے چارجز شامل ہیں اور ہر مد میں کتنی رقم وصول کی جا رہی ہے تو اس سے جوابدہی اور اعتماد میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ لیکن اس کے لیے صرف معلومات کو نمایاں کر دینا کافی نہیں ہوگا بلکہ ہر ٹیکس، سرچارج اور ایڈجسٹمنٹ کی سادہ زبان میں وضاحت بھی ضروری ہوگی تا کہ صارف کو یہ احساس نہ ہو کہ اس سے کسی پوشیدہ طریقے سے اضافی رقم وصول کی جا رہی ہے۔ کیو آر کوڈ کی شمولیت اور ڈیجیٹل سروسز تک فوری رسائی بھی جدید دور کی ایک مثبت ضرورت ہے۔ دنیا بھر میں عوامی خدمات کو ڈیجیٹل بنانے کا رجحان بڑھ رہا ہے اور پاکستان بھی اس سمت میں پیش رفت کر رہا ہے۔ تاہم یہ بات بھی پیش نظر رہنی چاہیے کہ ملک کی ایک بڑی آبادی اب بھی جدید ٹیکنالوجی اور انٹرنیٹ کی سہولیات سے مکمل طور پر مستفید نہیں ہو سکتی۔ دیہی علاقوں، بزرگ شہریوں اور کم تعلیم یافتہ افراد کے لیے صرف ڈیجیٹل سہولتیں کافی نہیں بلکہ روایتی ذرائع اور آسان زبان میں رہنمائی بھی ناگزیر ہے۔ اس سارے معاملے کا ایک اور اہم پہلو یہ ہے کہ ریاستی ادارے اکثر عوامی تنقید کے جواب میں ظاہری تبدیلیوں کو نمایاں کرتے ہیں، جبکہ بنیادی مسائل پس منظر میں چلے جاتے ہیں۔ بجلی کے بلوں کا نیا ڈیزائن بھی اگر صرف ایک انتظامی کارروائی ثابت ہوا اور اس کے ساتھ بلنگ کے نظام، میٹر ریڈنگ، شکایات کے ازالے اور غیر ضروری سرچارجز کے حوالے سے اصلاحات نہ کی گئیں تو یہ اقدام محدود نتائج کا حامل رہے گا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ بجلی کے بل میں صرف یہ نہ بتایا جائے کہ صارف نے کتنے یونٹس استعمال کیے ہیں بلکہ اسے یہ بھی سمجھایا جائے کہ اگر وہ اپنی کھپت میں کمی کرے تو اس کے بل میں کتنا فرق پڑ سکتا ہے۔ توانائی کے بچاؤ کے حوالے سے رہنمائی، گزشتہ مہینوں کے تقابلی اعداد و شمار اور مستقبل کے تخمینے جیسی معلومات بھی صارفین کے لیے مفید ثابت ہو سکتی ہیں۔ ترقی یافتہ ممالک میں بل محض ادائیگی کا نوٹس نہیں بلکہ صارف کو بہتر فیصلے کرنے میں مدد دینے والا ایک معلوماتی ذریعہ بھی ہوتا ہے۔ یہ حقیقت بھی قابل غور ہے کہ شفافیت کا تقاضا صرف آسان زبان اور خوبصورت ترتیب نہیں بلکہ پالیسی سازی میں دیانت، نرخوں کے تعین میں انصاف اور ادارہ جاتی جوابدہی بھی ہے۔ اگر بجلی کے نرخ مسلسل بڑھتے رہیں اور عوام کی قوت خرید کم ہوتی جائے تو ایک سادہ اور رنگین بل بھی عوامی ناراضی کو کم نہیں کر سکے گا۔ بجلی کے بلوں کا نیا فارمیٹ ایک خوش آئند انتظامی اصلاح ضرور ہے اور اس کا خیر مقدم کیا جانا چاہیے، کیونکہ عوام کو قابل فہم معلومات فراہم کرنا ہر ریاستی ادارے کی ذمہ داری ہے۔ تاہم اس کامیابی کو اس وقت حقیقی معنوں میں کامیابی کہا جا سکے گا جب بل کے ڈیزائن کے ساتھ ساتھ بجلی کے نرخوں میں استحکام، بلنگ کے نظام میں شفافیت، شکایات کے فوری ازالے اور صارفین کے لیے حقیقی ریلیف کی پالیسیوں کو بھی یقینی بنایا جائے۔ کیونکہ عوام کو اصل مسئلہ بل کے کاغذ سے نہیں، بل کے بوجھ سے ہے۔ اور جب تک اس بوجھ میں کمی نہیں آتی، تب تک فارمیٹ کی تبدیلی کو ایک مفید اصلاح تو کہا جا سکتا ہے، لیکن اسے مکمل حل قرار دینا حقیقت سے صرفِ نظر کرنے کے مترادف ہوگا۔

روشنی کے سفیرؔ کی پُروقار تقریبِ رونمائی، علم، امید اور شعور کے چراغ روشن کرنے کا عزم

تحریر: ایم اے خالق بھٹی

خان پور کی علمی، ادبی اور تعلیمی فضا اس وقت ایک یادگار لمحے کی گواہ بنی جب گورنمنٹ بوائز سیکنڈری سکول ماڈل خان پور میں معروف مصنف، موٹیویشنل رائٹر اور سماجی شخصیت محمد ارشد ہاشمی کی تصنیف "روشنی کے سفیرؔ" کی پُروقار تقریبِ رونمائی منعقد ہوئی۔ یہ تقریب محض ایک کتاب کی رونمائی تک محدود نہ تھی بلکہ علم، شعور، مطالعہ، امید، مثبت سوچ اور نوجوان نسل کی فکری تربیت کے عزم کی ایک خوبصورت علامت بن گئی۔ تقریب کی صدارت پرنسپل خواجہ راشد ایوب نے کی جبکہ مہمانِ خصوصی ضلع رحیم یار خان کے سابق چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) تعلیم ملک محمد عامر تھے۔ تقریب میں اساتذہ کرام، ادباء، دانشور، طلبہ، سماجی شخصیات اور ادب سے محبت رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی اور کتاب کے منفرد پیغام کو سراہا۔ مہمانِ خصوصی ملک محمد عامر نے بطور موٹیویشنل سپیکر نہایت پراثر اور ولولہ انگیز خطاب کرتے ہوئے کہا کہ روشنی کے سفیرؔ موجودہ دور میں امید کی کرن اور مثبت سوچ کا ایسا پیغام ہے جو زندگی کی مشکلات، ناکامیوں اور مایوسیوں میں گھرے ہوئے افراد کو نئے حوصلے، نئی سوچ اور نئے عزم کے ساتھ آگے بڑھنے کی ترغیب دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مصنف محمد ارشد ہاشمی نے اساتذہ کو معاشرے کے حقیقی معمار قرار دے کر ایک اہم حقیقت کی نشاندہی کی ہے، کیونکہ استاد صرف کتابیں نہیں پڑھاتا بلکہ کردار، اخلاق، شعور اور مستقبل کی بنیاد بھی تعمیر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم و تربیت وہ سرمایہ ہے جو انسان کو دنیا اور آخرت دونوں میں کامیابی عطا کرتا ہے اور ایک اچھا استاد اپنے شاگردوں کے دلوں میں امید، اعتماد اور کامیابی کے چراغ روشن کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تحریر، تقریر اور مطالعہ انسان کو ہمیشہ زندہ رکھتے ہیں، جبکہ جو قومیں کتابوں سے اپنا تعلق ختم کر دیتی ہیں وہ رفتہ رفتہ اپنی تاریخ، تہذیب، شناخت اور فکری ورثے سے محروم ہو جاتی ہیں۔ ان کے مطابق یہ کتاب نوجوان نسل کے لیے ایک ایسی رہنما تصنیف ہے جو انہیں زندگی کے نشیب و فراز کا مقابلہ کرنے، خود اعتمادی پیدا کرنے اور مثبت سوچ اپنانے کا حوصلہ دیتی ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مصنف محمد ارشد ہاشمی نے کہا کہ روشنی کے سفیرؔ" ان تمام نوجوانوں، بزرگوں، بہنوں اور بھائیوں کے نام ہے جو زندگی میں کسی مرحلے پر ناکامی، مایوسی یا ذہنی دباؤ کا شکار ہو کر اپنے خوابوں سے دستبردار ہونے لگتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسان کی اصل شکست ناکامی نہیں بلکہ امید کا دامن چھوڑ دینا ہے، جبکہ کتاب انسان کو ہر اندھیرے میں روشنی اور ہر مشکل میں راستہ دکھانے والی بہترین دوست ثابت ہوتی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جدید ٹیکنالوجی، موبائل فون اور سوشل میڈیا کی اہمیت اپنی جگہ مسلم ہے، لیکن کتاب کا مقام آج بھی سب سے بلند ہے کیونکہ کتاب انسان کی سوچ کو وسعت، کردار کو مضبوطی اور شخصیت کو نکھار عطا کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمارے معاشرے میں لائف کوچنگ کا تصور ابھی پوری طرح فروغ نہیں پا سکا، حالانکہ والدین اور اساتذہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کی شخصیت سازی، ذہنی تربیت، کیریئر پلاننگ اور درست سمت کے انتخاب میں ان کی رہنمائی کریں تا کہ آنے والی نسل ایک بااعتماد، باکردار اور کامیاب قوم کی صورت میں سامنے آئے۔ تقریب کے صدر خواجہ راشد ایوب نے اپنے خطاب میں کہا کہ اگرچہ آج کا دور ڈیجیٹل انقلاب کا دور ہے، مگر کتاب کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے، کیونکہ جدید ٹیکنالوجی معلومات فراہم کرتی ہے جبکہ کتاب انسان کو شعور، بصیرت، تحقیق، کردار اور فکری پختگی عطا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ "روشنی کے سفیرؔ" ایک ایسی منفرد اور فکر انگیز تصنیف ہے جو نوجوان نسل کو علم، مطالعہ، مثبت سوچ، اخلاقی اقدار اور کامیابی کے راستے پر گامزن کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ تقریب کے دوران معروف مصنف حبیب اللہ خیال نے بھی کتاب کے ادبی، فکری اور سماجی پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے مصنف کی علمی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا، جبکہ لاریب ارشد نے اپنے والد کی ادبی خدمات اور معاشرے کے لیے ان کی مثبت سوچ کو نہایت جذباتی انداز میں بیان کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ایک ایسے والد کی بیٹی ہونے پر فخر ہے جو قلم کو معاشرے کی اصلاح اور انسانیت کی خدمت کا ذریعہ بنا رہے ہیں۔ تقریب کا سب سے خوبصورت اور یادگار لمحہ وہ تھا جب مہمانانِ گرامی نے پھولوں سے سجی ہوئی کتاب روشنی کے سفیرؔ کی باقاعدہ رونمائی کی، جس پر ہال تالیوں سے گونج اٹھا اور شرکاء نے اس تاریخی لمحے کو اپنے موبائل کیمروں میں محفوظ کیا۔ بعد ازاں سابق سی ای او تعلیم ملک محمد عامر، پرنسپل خواجہ راشد ایوب اور معروف مصنف حبیب اللہ خیال کو "روشنی کے سفیر میڈل" پہنائے گئے۔ تقریب کے اختتام پر ملک و قوم کی ترقی، علم و ادب کے فروغ، کتاب "روشنی کے سفیرؔ" کی مقبولیت اور مصنف محمد ارشد ہاشمی کی مزید علمی، ادبی اور فلاحی خدمات کے لیے خصوصی دعا کرائی گئی۔ شرکاء نے اس تقریب کو علم، ادب، امید، مثبت سوچ اور مطالعے کے فروغ کی ایک یادگار اور تاریخی کاوش قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ کتاب دوستی ہی ایک روشن، باشعور اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہے۔

روشنی کے سفیرؔ کی پُروقار تقریبِ رونمائی، علم، امید اور شعور کے چراغ روشن کرنے کا عزم

خان پور کی علمی، ادبی اور تعلیمی فضا اس وقت ایک یادگار لم

بقیہ نمبر ☆.....☆ 1

(بقیہ نمبر) سفارتی حل کے لیے پُرعزم ہیں۔" انھوں نے مزید کہا "اسلام آباد مفاہمتی یادداشت فوری طور پر نافذ العمل ہوگی اور پہلے مرحلے کے طور پر اسلامی جمہوریہ ایران فوراً آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھول دے گا اور ریاست ہائے متحدہ امریکا فوری طور پر بحری ناکہ بندی ختم کر دے گا۔" شہباز شریف نے لکھا "پاکستان، شریک ثالث ریاستِ قطر کی حمایت سے، 19 جون 2026 کو سوئٹزرلینڈ میں طے شدہ شیڈول کے مطابق سرکاری تقریب کی میزبانی کرے گا، تاکہ اس تاریخی پیش رفت کی یاد منائی جا سکے اور تکنیکی سطح کے مذاکرات کا آغاز کیا جا سکے۔" انھوں نے مزید کہا "امید ہے کہ یہ مفاہمتی یادداشت پورے خطے کے لیے زیادہ بہتر باہمی فہم، باہمی احترام اور مشترکہ خوش حالی کی ایک پائیدار بنیاد ثابت ہوگی۔" شہباز شریف نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو بھی ٹویٹ میں دلی مبارک باد دی، ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای اور صدر مسعود پزشکیان کی قیادت کو بھی خراجِ تحسین پیش کیا۔ واضح رہے کہ امریکا اور ایران کے صدور نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر الیکٹرانک دستخط کر دیے۔ وائٹ ہاؤس نے ایران امریکا امن معاہدے پر دستخط کی ویڈیو جاری کی ہے، صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وارسائی میں عشائیے کے دوران معاہدے پر دستخط کیے، اس موقع پر فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون بھی موجود تھے۔ ایرانی سرکاری میڈیا نے بھی ایران کے صدر مسعود پزشکیان کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرتے ہوئے تصاویر جاری کیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 2

ثر افغانستان اس وقت خطے میں دہشت گردی پھیلانے کا سب سے بڑا ذریعہ بن چکا ہے۔ امریکی جریدے واشنگٹن ٹائمز کے مطابق افغانستان کے دوبارہ امریکی دہشت گردی کی محفوظ پناہ گاہ بننے سے پاکستان پر دہشت گردی کا دباؤ بڑھ گیا ہے۔ دی واشنگٹن ٹائمز کے مطابق امریکہ اور اس کے اتحادیوں کیخلاف کوئی بڑا دہشت گرد منصوبہ دوبارہ افغانستان سے ہی جنم لے سکتا ہے۔ 2021 کے انخلا کے نتائج امریکہ کے ایک اہم علاقائی شراکت دار پاکستان پر بھی اثر انداز ہو رہے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ واشنگٹن کو چاہیے کہ وہ پاکستان کے ساتھ انٹیلی جنس تعاون کو مزید مضبوط کرے، سرحدی نگرانی میں مدد کو بڑھائے۔ امریکی انتظامیہ کو دوحا معاہدے پر دوبارہ غور کرنا چاہیے کیونکہ طالبان اپنے وعدے پورے کرنے میں ناکام رہے ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 3

کے قتل کر ڈالا۔ ملزم موقع سے اسلحہ سمیت فرار ہوگیا۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 4

2026 سے ہوگا، جس میں گریڈ 1 سے 6 تک کا الاؤنس 6 ہزار سے بڑھا کر 12 ہزار روپے کر دیا گیا۔ گریڈ 7 سے 10 تک کا الاؤنس 8 ہزار سے بڑھا کر 16 ہزار روپے مقرر کر دیا گیا، گریڈ 11 سے 15 تک کے ملازمین کا الاؤنس 10 ہزار سے بڑھ کر 20 ہزار ہوگیا، گریڈ 16 کے افسران کا الاؤنس 12 ہزار سے بڑھا کر 24 ہزار روپے کر دیا گیا۔ گریڈ 17 کے افسران کا یوٹیلیٹی الاؤنس 15 ہزار سے بڑھا کر 30 ہزار روپے مقرر کر دیا گیا، گریڈ 18 کے افسران کا الاؤنس 18 ہزار سے بڑھ کر 36 ہزار روپے اور گریڈ 19 کے افسران کا الاؤنس 21 ہزار سے بڑھا کر 42 ہزار روپے کر دیا گیا۔ گریڈ 20 کے افسران کا یوٹیلیٹی الاؤنس 24 ہزار سے بڑھا کر 48 ہزار روپے مقرر کیا گیا، گریڈ 21 اور اس سے اوپر کے افسران کا الاؤنس 30 ہزار سے بڑھا کر 60 ہزار روپے کر دیا گیا ہے۔ یوٹیلیٹی الاؤنس میں گیس اور بجلی کے اخراجات شامل ہیں، اضافی اخراجات مالیاتی سال 2026-2027 کے منظور شدہ بجٹ سے پورے کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 5

تھا، معاہدہ نہ کرتے تو آبنائے ہرمز نہ کھلتی۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو بعض اوقات کچھ جذباتی ہو جاتا ہے لیکن اچھا ساتھی ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ہم ایران سے افزودہ جوہری مواد نکال کر ناکارہ بنائیں گے، ایران کو جوہری ہتھیاروں کے حصول سے روک کر پوری دنیا کو تباہی سے بچایا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران راضی ہے کہ وہ جوہری ہتھیار بنائے گا نہ حاصل کرے گا۔ ٹرمپ نے ایران کیساتھ نئے معاہدے کو تہران کی نیوکلیئر صلاحیت کے آگے دیوار قرار دیدیا۔ امریکی صدر نے یہ بھی بتایا کہ مفاہمتی یادداشت کی ایک کاپی اسرائیل کو بھیجی ہے۔ ایران معاہدے پر بہت جلد دستخط ہو جائیں گے، شاید جمعے کو۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان اور قطر نے مذاکرات کیلئے بہت کام کیا۔ امریکی صدر نے کہا کہ اسرائیل حزب اللہ کے معاملے میں اچھی کارکردگی دکھا سکتا ہے، جوہری ذخائر سے متعلق تکنیکی بات چیت بھی جلد شروع ہو جائے گی۔ خلیجی ممالک سے بھی نان نیوکلیئر معاملات پر بات چیت کر رہے ہیں۔ انہوں نے دھمکی دی کہ ایران نے معاہدے کا احترام نہ کیا تو بمباری پر واپس جائیں گے اور دوبارہ ہونے والی بمباری تب تک نہیں رکے گی جب تک وہ معاہدے پر نہ آجائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ لبنان کے امن کے لیے کام کریں گے، امید ہے معاہدے سے پورے مشرق وسطیٰ میں امن آئے گا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکہ ایران میں کوئی سرمایہ کاری نہیں کر رہا، پڑوسی ایسا کر سکتے ہیں۔ ایران کو جنگ سے 2 ٹریلین ڈالر کا نقصان ہوا ہے، ایران کو سرمایہ کاری کی ضرورت ہے۔ پڑوسی ممالک یا کچھ اور لوگ اس مد میں مدد کر سکتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مصنوعی ذہانت کے معاملے میں ہمیں بہت محتاط رہنا چاہیے، مصنوعی ذہانت بہت اچھی اور بہت بری بھی ثابت ہو سکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ابراہیم ہی معاہدے میں توسیع چاہتے ہیں۔ انہوں نے اماراتی صدر کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زاید غیر معمولی

جنگجو ہیں۔ وہ بم گرا رہے تھے، میں نے پوچھا یہ کون گرا رہا ہے، معلوم ہوا یہ یو اے ای تھا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ خلیجی ممالک سے ایران کے بیلسٹک میزائلوں اور دہشت گردی پر اسپر یڈ شیٹ پر بات چیت کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران جنگ میں غیر جانبدار رہنے پر چینی اور روسی صدور کے شکر گزار ہیں۔ ٹرمپ اسرائیلی وزیر اعظم سے ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معاہدے پر نیتن یاہو خوش نہیں، لبنان حملوں پر اختلاف ہے۔ ادھر پیرس میں جی سیون اجلاس کی سائیڈ لائن پر مصری صدر السیسی سے ملاقات کے دوران امریکی صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے ساتھ اہم ڈیل کی ہے اور ڈیل کے مثبت اثرات سامنے آ رہے ہیں، سٹاک مارکیٹس بلندیوں پر ہیں، تیل کی قیمتیں نیچے آگئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے ساتھ معاہدے کے بعد آبنائے ہرمز کھل جائے گی، ایران کے ساتھ ڈیل نہ ہوتی تو دنیا بھر میں معاشی دباؤ پیدا ہوتا تاہم ایران معاہدے میں 300 ارب ڈالر کے فنڈ کی رپورٹس غلط ہیں۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ ایران سے متعلق مفاہمتی یادداشت حتمی نہیں اور اگر مجھے حتمی معاہدہ پسند نہ آیا تو ہم دوبارہ بمباری کی طرف واپس جا سکتے ہیں۔ دوسری طرف جی سیون ممالک نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ ایران امریکہ معاہدے کی حمایت کرتے ہیں، معاہدے پر مؤثر عمل درآمد کے لیے کردار ادا کرنے کو تیار ہیں۔ مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ بین الاقوامی سمندری گزرگاہوں سے بنا پابندی یا ٹول آمد و رفت عالمی تجارت کی بنیاد ہے۔ مشترکہ بیانیے میں مزید کہا گیا ہے کہ لبنان میں فوری اور مضبوط جنگ بندی اور لبنانی قیادت کی حزب اللہ کو غیر مسلح کرنیکی کوششوں کی بھی حمایت کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ جی سیون ممالک نے آبنائے ہرمز پر انحصار کم کرنے اور توانائی ذخائر میں اضافے کے عزم کا اظہار بھی کیا۔ دوسری طرف امریکہ اور ایران کے درمیان معاہدے پر ڈیجیٹل دستخط کے بعد امریکہ کی ایران کی بحری ناکہ بندی ختم کر دی گئی ایرانی خام تیل لے جانے والے تین ٹینکر امریکی ناکہ بندی کے دائرے سے نکل گئے ہیں۔ آئل ٹینکرز کی نقل و حرکت پر نظر رکھنے والی ویب سائٹ ٹینکر ٹریکرز کے مطابق 2 جہازوں میں مجموعی طور پر تقریباً 38 لاکھ بیرل اور ایک بحری جہاز میں 10 لاکھ بیرل ایرانی خام تیل موجود ہے۔ برطانوی خبر ایجنسی کے مطابق معاہدے کے تحت ایران تیل اور ایندھن کی فروخت فوری بحال کر سکے گا جبکہ پابندیوں میں رعایت بینکاری، ٹرانسپورٹ اور انشورنس خدمات پر بھی لاگو ہوگی۔ ادھر ترجمان چینی وزارت خارجہ نے کہا کہ ایران تنازع اور اس کے مشرق وسطیٰ پر اثرات سے پیدا انسانی بحران پر چین کو گہرا دکھ ہے، ایران اور لبنان کے عوام کی بحالی، تعمیر نو اور معیشت بہتر کرنے کے لیے امداد کا اعلان کیا۔ ادھر امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے امریکہ میں بی بی سی کے پارٹنر ادارے سی بی ایس کو بتایا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان مفاہمتی یادداشت کا متن کم از کم جمعے کی صبح تک جاری کیا جائے گا۔ نائب صدر وینس کا کہنا تھا کہ قطر اور پاکستان کے مذاکرات کاروں نے فی الحال ہمبر مُغل متن جاری نہ کرنے کی درخواست کی ہے۔ دوسری طرف سعودی عرب نے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور امن معاہدے تک پہنچنے میں پاکستان اور قطر کی ثالثی کوششوں کو سراہتے ہوئے ان کے کردار کی تعریف کی ہے۔ ادھر روسی وزیر خارجہ سرگئی لاروف نے ایرانی ہم منصب عباس عراقچی سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے، جس میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت اور علاقائی و دوطرفہ امور پر مشاورت کی ہے۔ دونوں رہنماؤں نے خطے میں امن و استحکام کے لیے علاقائی ممالک کے درمیان سفارتی تعاون کی اہمیت پر بھی گفتگو کی۔ ایران اور روس نے مفاہمت کے لیے یو این سلامتی کونسل کی حمایت کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ مفاہمتی یادداشت کی تمام شقوں پر عمل درآمد یقینی بنانا امریکہ کی ذمے داری ہے۔ روسی وزیر خارجہ نے کہا کہ مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد کی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 6

می نے کہا کہ اپ اسکیل پراجیکٹ کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں، پاکستانی اداروں کی استعداد کار میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان میں غیر قانونی مائیگریشن اور انسانی اسمگلنگ کے خلاف بلاتمیز کارروائی کی جا رہی ہے۔ دونوں وزراء نے جعلی اسٹوڈنٹ ویزوں کے مسئلے کے حل کیلئے ملکر کام کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ کئی دہشت گرد تنظیمیں افغانستان سے سرگرم ہیں، افغان حکومت کو پاکستان کے خلاف اپنی زمین کے استعمال کو روکنا ہوگا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاک برطانیہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ وفاقی وزراء چوہدری سالک حسین، علی پرویز ملک، طلال چوہدری، عون چوہدری، سیکرٹری داخلہ محمد خرم آغا، برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ، ڈی جی ایف آئی اے، کمانڈنٹ این پی اے اور ڈی جی این سی اے بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 7

جانب سے آبی حقوق، ماحولیاتی انصاف اور علاقائی امن کے حوالے سے مؤقف بھرپور انداز میں پیش کیا جائے گا۔ برسلز میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ پاکستان دنیا کے سامنے امن، مکالمے اور باہمی احترام کا پیغام لے کر آیا ہے اور وہ سیکیورٹی پروائیڈر نہیں بلکہ "پیس پروائیڈر" بننا چاہتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کی کسی بھی کوشش کو ناقابل قبول سمجھتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پانی کے قدرتی بہاؤ کو روکنے یا اس میں مداخلت کرنے کی کوئی بھی کوشش پاکستان کے نزدیک جنگی اقدام کے مترادف ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ صرف پانی کی تقسیم کا معاہدہ نہیں بلکہ بین

الاقوامی قوانین، عالمی معاہدوں کے احترام اور زیریں دریا بردار ممالک کے حقوق کا اہم امتحان ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ پانی کے بہاؤ میں رکاوٹ پاکستان کی خوراک کی سلامتی، معیشت اور لاکھوں خاندانوں کے روزگار پر براہِ راست اثر انداز ہوگی۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے بتایا کہ پاکستان کی تقریباً 40 فیصد آبادی کا روزگار زرعی شعبے سے وابستہ ہے جبکہ ملک کی 80 فیصد زراعت دریائے سندھ کے نظامِ آب پر انحصار کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی بڑی تعداد بھی زرعی معیشت سے منسلک ہے اس لیے آبی وسائل میں مداخلت سماجی اور معاشی استحکام کے لیے سنگین خطرات پیدا کر سکتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ بین الاقوامی معاہدوں کو یکطرفہ طور پر معطل کرنا قواعد پر مبنی عالمی نظام کو کمزور کرتا ہے جبکہ قدرتی وسائل کو ہتھیار بنانا ماحولیات، موسمیاتی نظام اور عالمی استحکام کے لیے خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اپنے آبی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر قانونی، سفارتی اور بین الاقوامی فورم پر آواز بلند کرتا رہے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ پانی، خوراک کی سلامتی اور ماحولیاتی تحفظ کو سیاسی دباؤ کے آلے کے طور پر استعمال نہیں کیا جانا چاہیے بلکہ قدرتی وسائل کو تعاون، امن اور مشترکہ ترقی کا ذریعہ بنایا جانا چاہیے۔ ڈاکٹر مصدق ملک برسلز میں یورپی پارلیمنٹ کے اراکین اور مختلف بین الاقوامی اداروں کے نمائندوں سے بھی ملاقاتیں کریں گے جن میں پاکستان کے امن، استحکام، علاقائی تعاون اور موسمیاتی انصاف سے متعلق موقف کو اجاگر کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی، پانی اور ماحولیات سے جڑے عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی تعاون ناگزیر ہے اور پاکستان مشترکہ آبی وسائل کے منصفانہ استعمال، موسمیاتی انصاف اور بین الاقوامی قانون کی بالادستی کا مضبوط حامی ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 8

کوششیں شروع کر دیں۔ فائر بریگیڈ حکام کے مطابق ابتدائی معلومات کے مطابق آگ شارٹ سرکٹ کے باعث لگی تھی جس نے ایک دکان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تاہم فائر بریگیڈ کے عملے نے سخت جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پالیا۔ تاہم خوش قسمتی سے آتشزدگی کے واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، آگ پر مکمل قابو پانے کے لیے فائر بریگیڈ کا عملہ رات گئے تک کولنگ کا عمل میں مصروف تھا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ساؤتھ اور پولیس کی نفری بھی موقع پر موجود رہی۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 9

اہلکاروں کی شناخت ہیڈ کانسٹیبل گل محمد اور کانسٹیبل ندیم کے ناموں سے ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 10

سول ڈیفنس کے مطابق آگ عمارت کی ایک ایسی منزل پر لگی جو مرمت اور دیکھ بھال کے کام کے لیے بند تھی۔ واقعہ آدھی رات کے بعد پیش آیا جس پر ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں اور آگ پر قابو پانے کا عمل شروع کر دیا گیا۔ حکام نے بتایا کہ بروقت کارروائی کے باعث آگ کو مزید پھیلنے سے روک لیا گیا اور کسی قسم کا جانی نقصان رپورٹ نہیں ہوا۔ بعد ازاں کولنگ آپریشن مکمل کیا گیا تاکہ دوبارہ آگ بھڑکنے کا خطرہ ختم کیا جا سکے۔ عینی شاہدین کے مطابق آگ لگنے کے بعد عمارت سے گھنا دھواں بلند ہوتا رہا جس سے قریبی علاقے میں صورتحال تشویشناک ہو گئی۔ واقعے کے فوری بعد پولیس کی متعدد گاڑیاں اور ایمرجنسی ٹیمیں بھی موقع پر پہنچ گئیں اور علاقے کو گھیرے میں لے لیا گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق آگ کی وجہ تعمیراتی یا مرمتی کام کے دوران پیش آنے والا حادثہ ہو سکتی ہے، تاہم حتمی وجہ جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 11

سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی بہتر ین کارکردگی اور مسلسل محنت کے نتیجے میں ملکی معیشت میں بہتری آئی ہے، وزیر اعظم نے دن رات محنت کر کے معاشی استحکام کو یقینی بنایا، وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل دنیا میں امن کا ذریعہ بنے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو سفارتی سطح پر بھی بے پناہ کامیابی حاصل ہوئی، نائب وزیر اعظم نے بھی امن کوششوں میں دن رات کام کیا، پنجاب نے گزشتہ سال بدترین سیلاب کا سامنا کیا، تاہم وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کمال طریقے سے سیلابی صورتحال نمٹا دی۔ سینئر وزیر نے کہا کہ پنجاب میں یکساں ترقی کا عمل جاری ہے اور وفاقی گرانٹس میں سب سے بڑا حصہ پنجاب کا ہے، اس کے ساتھ ساتھ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے صوبے کے اپنے وسائل میں اضافے پر بھی خصوصی توجہ دی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت نے اپنے اخراجات کو بڑی حد تک محدود کیا ہے، سماجی شعبہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ترجیح ہے

بقیہ نمبر ☆.....☆ 12

۔اے آر وائی نیوز کے مطابق وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری کا کاروباری برادری کے لیے بڑے ریلیف کا اعلان کرتے ہوئے کراچی پورٹ کا مالی سال 27-2026 کے لیے 5 فیصد مجوزہ ٹیرف اضافہ منجمد کر دیا ہے۔ اس حوالے سے وفاقی وزیر بحری امور کا کہنا ہے کہ وزیر اعظم کے بلیوا کانومی وژن کے تحت کاروباری طبقے کو سہولت فراہم کی جا رہی ہے، اور ٹیرف منجمد ہونے سے درآمد و برآمد کنندگان کو 500 ملین روپے سے زائد ریلیف ملے گا۔ جنید انور چوہدری نے مزید کہا کہ ٹیرف منجمد کرنے کا مقصد تاجروں اور صنعتکاروں کے اخراجات میں کمی لانا ہے۔ حکومت کے برآمدات، تجارت اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کے پی ٹی ٹیرف فریز کرنے سے بندرگاہی لاگت میں استحکام اور تجارت کو فروغ ملے گا۔ یہ قدم حکومت کی کاروبار دوست پالیسیوں کا تسلسل اور تاجروں کو مزید سہولتیں دینے کے عزم کا عملی اظہار ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹیرف میں اضافے کو منجمد رکھنے سے پاکستانی برآمدات عالمی منڈیوں میں اپنی

مسابقت برقرار رکھنے میں کامیاب رہیں گی، جبکہ بندرگاہی سہولیات استعمال کرنے والے درآمد کنندگان کے اخراجات میں بھی اضافہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس اقدام سے تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا، برآمدی شعبے کو تقویت ملے گی اور موجودہ معاشی چیلنجز کے دوران قومی معیشت کو مثبت سہارا حاصل ہوگا۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 13

کامیابیاں حاصل کی گئی ہیں۔ پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹ مینجمنٹ کمپنی کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 16 ماہ کے دوران 5 ارب روپے کی لاگت سے مجموعی طور پر 2 ہزار سے زائد مفت ٹرانسپلانٹ اور امپلانٹ کے کیسز مکمل کیے گئے۔ اعداد و شمار کے مطابق اس پروگرام کے تحت سب سے زیادہ 997 گردے (کڈنی) ٹرانسپلانٹ کیے گئے، جبکہ 322 جگر (لیور) ٹرانسپلانٹس بھی کامیابی سے انجام دیے گئے۔ اسی عرصے میں 42 بون میرو ٹرانسپلانٹس اور 41 کارنیا (آنکھ) ٹرانسپلانٹس مکمل کیے گئے۔ CM punjab اگر آپ یا آپ کے کسی عزیز کو ٹرانسپلانٹ کی ضرورت ہے تو درج ذیل منظور شدہ ہسپتالوں سے رجوع کریں، مزید معلومات اور رہنمائی کے لیے ہیلپ لائن پر رابطہ کریں۔ یاد رہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب ٹرانسپلانٹ پروگرام کے تحت پنجاب کے رہائشی مریضوں کو گردے، جگر، بون میرو، اور کارنیا ٹرانسپلانٹ کے ساتھ کوکلیر امپلانٹ کی مفت سہولت مہیا کی جا رہی ہے۔ اس کے علاوہ پنجاب میں کسی بھی سرکاری اسپتال میں علاج مکمل طور پر مفت ہے، دل کی سرجری ہو یا کینسر کا علاج، آرگن ٹرانسپلانٹ ہو یا ڈائیلاسز، ہر سہولت بغیر کسی فیس کے دستیاب ہے۔ یہ سہولت پہلے موجود نہیں تھی، فری دوائیں بند ہو چکی تھیں، اب نہ صرف تمام مفت ادویات بحال کی گئی ہیں بلکہ ذیابیطس، دل کے امراض، ہیپاٹائٹس اور کینسر کے مریضوں کو دو ماہ کی ادویات گھر کی دہلیز پر پہنچائی جا رہی ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 14

وطن واپسی میں سہولت فراہم کر رہا ہے، جن میں سمندر سے ریسکیو کیے گئے ماہی گیر اور مختلف کارروائیوں میں شامل عملے کے ارکان شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان افراد میں 8 ایرانی ماہی گیر شامل ہیں جنہیں برطانوی جہاز ایم ایم اے والور نے اس وقت سمندر سے بچایا جب ان کی کشتی راستہ بھٹکنے کے بعد حادثے کا شکار ہوئی، اس کے علاوہ 22 ایرانی عملے کے ارکان بھی اس گروپ کا حصہ ہیں جو جہاز الینور ایڈوینا پر موجود تھے اور حال ہی میں امریکی حکام کی کارروائی کے دوران تحویل میں لیے گئے تھے۔ اسحاق ڈار نے کہا یہ تمام افراد آئندہ چند روز میں کراچی کے راستے اپنے وطن روانہ کیے جائیں گے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اس عمل کے دوران ایران، امریکہ اور برطانیہ کے متعلقہ حکام کے ساتھ قریبی رابطے میں ہے تاکہ تمام افراد کی محفوظ اور بروقت واپسی یقینی بنائی جا سکے۔ نائب وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان انسانی ہمدردی کے اصولوں پر یقین رکھتا ہے اور علاقائی و بین الاقوامی تعاون کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 15

ہم کردار ادا کیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق حادثے کا شکار ہونے والے طیارے میں مجموعی طور پر 6 افراد سوار تھے۔ طیارہ گرنے کے بعد ہائی وے پر سفر کرنے والے متعدد افراد نے اپنی گاڑیاں روک دیں اور زخمیوں کو بچانے کے لیے فوری طور پر جائے حادثہ کی جانب دوڑ پڑے۔ عینی شاہدین کے مطابق بعض شہریوں نے طیارے کے کاک پٹ کی کھڑکی توڑ کر اندر پھنسے افراد کو باہر نکالنے کی کوشش کی، جبکہ دیگر افراد نے امدادی ٹیموں کے پہنچنے تک زخمیوں کی مدد جاری رکھی۔ رپورٹس کے مطابق ایک شخص ہلاک ہوا ہے، تاہم فوری طور پر یہ واضح نہیں ہو سکا کہ جاں بحق ہونے والا فرد طیارے میں سوار تھا یا زمین پر موجود کسی شخص کی موت واقع ہوئی۔ مقامی پولیس نے بھی طیارے میں سوار افراد کی شناخت اور ان کی طبی حالت کے بارے میں تفصیلی معلومات جاری نہیں کیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق حادثے کے بعد اٹھنے والے دھوئیں اور آگ کے باعث 5 پولیس اہلکار بھی متاثر ہوئے جنہیں احتیاطی طور پر اسپتال منتقل کیا گیا۔ فلائٹ ٹریکنگ کمپنی کے مطابق حادثے کا شکار ہونے والا طیارہ میکسیکو کے لاس کابوس انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے روانہ ہوا تھا اور لاریڈو کی جانب آ رہا تھا۔ لاریڈو انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے ڈائریکٹر گلبرٹو سانچیز نے ابتدائی طور پر خدشہ ظاہر کیا ہے کہ طیارے کو دورانِ پرواز کسی فنی خرابی کا سامنا ہوا ہو سکتا ہے، تاہم حادثے کی اصل وجہ جاننے کے لیے تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 16

کو گرفتار کر کے 18 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ ترجمان ایس آئی یو کے مطابق پولیس نے عیدگاہ کے علاقے میں بین الصوبائی منشیات اسمگلنگ کے خلاف اہم کارروائی کرت ہوئے منشیات فروش عمران ولد اشرف کو گرفتار کر کے 18 کلو 380 گرام چرس برآمد کر لی۔ تفتیش میں مزید انکشاف ہوا کہ گرفتار منشیات فروش پشاور، خیبر پختونخوا کے بدنام زمانہ منشیات فروش وسپلائر ظر خان سے بڑی مقدار میں منشیات خریدتا تھا اور اس کے نیٹ ورک جو کہ کے پی کے میں ہے وہاں سے کراچی بڑی مقدار میں منشیات اسمگل کرتا تھا۔ بعد ازاں شہر قائد کے علاقے کورنگی، لانڈھی، سہراب گوٹھ، الآصف اسکوائر، صدر اور اولڈ سٹی ایریا سمیت دیگر علاقوں کے مقامی خریداروں کو فروخت کرتا تھا۔ ایس آئی یو پولیس نے گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 17

نے جنوبی لبنان کے ضلع نبطیہ میں واقع کفر تبنیت کے نواحی علاقوں کو نشانہ بنایا۔ حملوں کے دوران مختلف مقامات پر زور دار

دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں، جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فورسز نے نبطیہ الفوقا کے علاقے پر بھی فضائی چھاپے مارے جبکہ علی الطاہر کی پہاڑیوں اور قریبی علاقوں پر گولہ باری کی گئی۔ حملوں کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات یا جانی نقصان کے بارے میں فوری طور پر کوئی سرکاری تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔ دوسری جانب حزب اللہ کے جنگجوؤں نے اسرائیلی کارروائیوں کے جواب میں کفر تبنیت کے قریب موجود اسرائیلی فوجی پوزیشنوں کی جانب کم از کم 10 راکٹ داغے۔ مقامی ذرائع کے مطابق راکٹ حملوں کے بعد سرحدی علاقوں میں سیکورٹی الرٹ مزید سخت کر دیا گیا۔ ایران کی مسلح افواج کے مرکزی کمانڈ خاتم الانبیا سینٹرل ہیڈ کوارٹر نے خبردار کیا ہے کہ اگر اسرائیل جنوبی لبنان میں اپنی عسکری کارروائیوں سے باز نہ آیا تو فیصلہ کن جواب دیں گے۔ ایرانی فوجی ترجمان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ 2 روز کے دوران اسرائیلی افواج نے مبینہ طور پر جنوبی لبنان میں جنگ بندی کی 84 بار خلاف ورزی کی ہے اور عام شہریوں کو شہید کیا گیا جو خطے میں کشیدگی میں اضافے کا باعث بن رہی ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے جنگ بندی یا کشیدگی میں کمی کے دعوؤں کے باوجود زمینی صورتحال میں کوئی بہتری نہیں آئی۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 18

مطابق اسرائیل میں بعض حلقے مسجد اقصیٰ کے احاطے کو باضابطہ طور پر 'کثیر المذاہب عبادت گاہ' قرار دینے کی تجویز پر کام کر رہے ہیں۔ ناقدین کا کہنا ہے کہ ایسا اقدام صدیوں پرانے اس انتظام کے خلاف ہوگا جس کے تحت مسجد اقصیٰ کا انتظام و انصرام اردن کے زیر نگرانی اسلامی وقف کے پاس ہے۔ موجودہ اسٹیٹس کو کے مطابق غیر مسلم افراد مسجد اقصیٰ کا دورہ کر سکتے ہیں، تاہم انہیں وہاں مذہبی عبادات یا رسومات ادا کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ رپورٹس کے مطابق اسرائیل کے بعض انتہا پسند سیاست دان مسجد اقصیٰ میں یہودی عبادات کو وسیع پیمانے پر متعارف کرانے کے حامی ہیں۔ اسرائیلی دائیں بازو کے رہنما موشے فیگلن نے حال ہی میں مسجد اقصیٰ کے احاطے میں جا کر مذہبی نغمے گائے اور وہاں نئی عبادت گاہ تعمیر کرنے کے حق میں بیان دیا۔ دوسری جانب اسرائیل کے قومی سلامتی کے وزیر اتمار بن گویر بھی متعدد بار مسجد اقصیٰ کا دورہ کر چکے ہیں، جس پر فلسطینی اور عرب ممالک شدید اعتراض کرتے رہے ہیں۔ حالیہ ویڈیوز میں انہیں اسرائیلی جھنڈا لہراتے اور مسجد اقصیٰ پر اسرائیلی حق ملکیت کے نعرے لگاتے ہوئے دیکھا گیا۔ اسرائیلی وزیر اعظم کے دفتر نے مسجد اقصیٰ کی موجودہ حیثیت میں کسی بھی تبدیلی کے دعووں کی تردید کی ہے، تاہم فلسطینی، اردن اور دیگر علاقائی ممالک نے اس حوالے سے گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ادھر اسلامی وقف کونسل کے نائب سربراہ ڈاکٹر مصطفیٰ ابوسوئے نے خبردار کیا ہے کہ مسجد اقصیٰ کی موجودہ حیثیت تبدیل کرنے کی کوشش پورے خطے کے امن کو خطرے میں ڈال سکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مسجد اقصیٰ کے معاملے میں مداخلت مشرق وسطیٰ میں مزید کشیدگی کو جنم دے سکتی ہے۔ دریں اثنا مقبوضہ مغربی کنارے کے دو فلسطینی دیہات میں نامعلوم اسرائیلی آبادکاروں نے مساجد کو آگ لگا دی۔ مقامی حکام کے مطابق رام اللہ کے قریب واقع گاؤں چلجلیہ میں مسجد کے وضو خانے اور دیگر حصوں کو نقصان پہنچایا گیا جبکہ دیواروں پر عبرانی زبان میں اشتعال انگیز نعرے بھی تحریر کیے گئے۔ عینی شاہ

سینیٹ کی بجٹ سفارشات میں ملازمین کی تنخواہوں میں پندرہ فیصد اضافہ

تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس کم کرنے اور بجلی بلوں سے اضافی چار جز واپس لینے کی اہم تجویز پیش

اسلام آباد (پی پی اے) سینیٹ میں بجٹ کے حوالے سے پیش کی گئی سفارشات میں وفاقی سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 15 فیصد اضافے جبکہ وفاقی ملازمین اور پنشنرز کے مفت میڈیکل الاؤنس کی بحالی کی تجویز دی گئی ہے سینیٹ کی سفارشات میں کہا گیا ہے کہ تنخواہ دار اور کم آمدن والے طبقات پر ٹیکس کی شرح کم کی جائے جبکہ اشیائے خورونوش ادویات تعلیمی سامان اور زرعی شعبے سے متعلق اشیاء پر جی ایس ٹی میں کمی کی جائے بجلی کے نرخوں میں کمی کے لیے بھی خصوصی فنڈ مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے بجٹ سفارشات کے مطابق کھاد۔ بیج کیڑے مار ادویات ڈیزل اور زرعی مشینری پر ٹیکس اور ڈیوٹی ختم کی جائے جبکہ سرکاری اسپتالوں بنیادی صحت اعلیٰ تعلیم فنڈز اور اسکالرشپس کے بجٹ میں اضافہ کیا جائے سینیٹ نے غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی ایس ایم ایز کے لیے آسان ٹیکس نظام ٹیکس بیس بڑھانے اور تنخواہ دار طبقے پر مجوزہ ٹیکس اقدامات کا دوبارہ جائزہ لینے کی سفارش بھی کی ہے سفارشات میں گھریلو صارفین اور کم آمدن والے افراد کے بجلی بلوں سے اضافی چارجز اور ٹیکس واپس لینے جبکہ آئی ٹی ایکسپورٹرز اور فری لانسرز کے لیے ٹیکس استثنیٰ میں مزید 10 سال توسیع کی تجویز دی گئی ہے سینیٹ کی سفارشات میں 3 ہزار سی سے بڑی گاڑیوں لگژری پراپرٹی اور غیر پیداواری اثاثوں پر ٹیکس میں اضافے جبکہ ضروری اشیاء پر بالواسطہ ٹیکس کم کرنے کا بھی کہا گیا ہے مزید برآں سفارشات میں کہا گیا ہے کہ ترقیاتی بجٹ کا ایک مقررہ حصہ براہ راست مقامی حکومتوں کو منتقل کرنے کا طریقہ کار بنایا جائے جبکہ مہنگی رہائشی رئیل اسٹیٹ اور نان فائلرز کی لگژری ٹرانزیکشنز کے لیے جامع ٹیکس اور دستاویزی نظام متعارف کرایا جائے سینیٹ نے پہلی بار گھر خریدنے والوں کے لیے کم پراپرٹی ٹیکس جبکہ سرمایہ کاروں پلاٹس اور دوسری مرتبہ گھر خریدنے والوں پر پراپرٹی ٹیکس برقرار رکھنے کی سفارش بھی کی ہے

آئی جی اسلام آباد کا پولیس فورس کے انتظامی اور مالیاتی امور کا جائزہ

بجٹ کے شفاف استعمال جدید لاجسٹک منصوبوں اور ٹریفک مینجمنٹ کو مزید موثر بنانے کے لیے اہم احکامات

اسلام آباد (پی پی اے) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیرِ صدارت اہم اجلاس کا انعقاد آئی جی اسلام آباد نے پولیس فورس کے انتظامی و مالیاتی امور لاجسٹک سپورٹ کے لیے بجٹ کی فراہمی اور جیل خانہ جات کے فنڈز کا تفصیلی جائزہ لیا انہوں نے سینئر پولیس افسران کو تمام وسائل کے شفاف اور بہترین استعمال کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیرِ صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق اے آئی جی لاجسٹکس عبد الحق عمرانی ایس ایس پی پرزنز علی اکبر اور اکاؤنٹس آفیسر نے شرکت کی اجلاس میں اسلام آباد پولیس کے انتظامی مالیاتی اور لاجسٹک امور بجٹ کے موثر استعمال اور جیل خانہ جات کے فنڈز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا آئی جی اسلام آباد نے دستیاب وسائل اور سرکاری فنڈز کے شفاف موثر اور میرٹ پر مبنی استعمال کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے پولیس فورس کی استعداد کار میں اضافے اور فیلڈ افسران کو درپیش مسائل کے بروقت حل کے لیے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی مزید برآں آئی جی اسلام آباد نے سینئر پولیس افسران کے ہمراہ ہونڈا اور سوزوکی کمپنیوں کے نمائندوں سے ملاقات کی جس میں پولیس فورس کے لیے جدید ٹرانسپورٹ سمارٹ موبیلیٹی سلوشنز اور لاجسٹک سپورٹ سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا انہوں نے ہدایت کی کہ جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ ٹرانسپورٹ اور لاجسٹک منصوبوں کے لیے قابلِ عمل تجاویز مرتب کی جائیں تاکہ گشت اور رسپانس سسٹم کو مزید موثر بنایا جا سکے بعد ازاں آئی جی اسلام آباد نے ڈی جی سیف سٹی ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کے ساتھ اجلاس میں ٹریفک مینجمنٹ سیف سٹی منصوبوں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور عوامی خدمت کے معیار کا جائزہ لیا انہوں نے شہریوں کو بروقت سہولیات کی فراہمی ٹریفک کی روانی میں بہتری حادثات کی روک تھام اور سیف سٹی کی موثر مانیٹرنگ کے لیے مربوط اقدامات جاری رکھنے کی ہدایت کی دریں اثناء آئی جی اسلام آباد نے اے آئی جی لیگل طاہر کاظم اور ڈائریکٹر آئی ٹی پی ایف ایم عائشہ جمیل سے بھی ملاقات کی جس میں قانونی امور، ادارہ جاتی اصلاحات ڈسکیپلائزیشن اور گورننس کے نظام میں بہتری سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا آئی جی اسلام آباد نے زیر التواء معاملات کو جلد نمٹانے جدید آئی ٹی سسٹمز کے فروغ اور ادارہ جاتی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے ضروری احکامات جاری کیے انہوں نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ عوام دوست پولیسنگ شفافیت پیشہ ورانہ مہارت اور جوابدہی کو ہر سطح پر یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو بہترین اور معیاری پولیس سروسز فراہم کی جا سکیں

مووین پک ہوٹل اور اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کے درمیان اہم مفاہمتی یادداشت پر دستخط

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں اور ان کے خاندانوں کو ہوٹلنگ کی تمام خدمات پر خصوصی رعایتیں فراہم کی جائیں گی

اسلام آباد (پی پی اے) مووین پک ہوٹل سینورس اسلام آباد جو عالمی شہرت یافتہ اکور گروپ کے تحت کام کرتا ہے نئے اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن او پی ایف کے ساتھ ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے ناس سلسلے میں تقریب ہوٹل کے کنیوٹیل بال روم میں منعقد ہوئی معاہدے پر او پی ایف کے ڈائریکٹر جنرل ویلفیئر اینڈ سروسز مصطفیٰ حیدر اور مووین پک ہوٹل سینورس اسلام آباد کے جنرل منیجر نکولس وردوں نے دستخط کیے او پی ایف کے فلیگ شپ ڈسکاؤنٹ پروگرام برائے اوورسیز پاکستانیز وان کے اہلِ خانہ کے تحت اس شراکت داری کا مقصد بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں اور ان کے خاندانوں کو خصوصی ہوٹلنگ اور طرزِ زندگی سے متعلق سہولیات فراہم کرنا ہے اس معاہدے کے تحت اوورسیز پاکستانیوں کو مووین پک ہوٹل سینورس اسلام آباد میں رہائش فوڈ اینڈ بیوریج سروسز ہال کرایہ ہیلتھ کلب سیلون اور دیگر خدمات پر خصوصی رعایتیں حاصل ہوں گی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سینورس گروپ کے سی ای او مووین پک ہوٹل سینورس اسلام آباد کے سی ای او اور وزیر اعظم پاکستان کے مشیر برائے سیاحت سردار یاسر الیاس خان نے کہا کہ ایسی مہمان نوازی سے متعلق سہولیات بیرونِ ملک پاکستانیوں اور وطن کے درمیان جذباتی اور معاشی روابط کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں او پی ایف کے چیئرمین سید قمر رضا نے اس موقع پر کہا کہ بیرونِ ملک پاکستانی ملکی معیشت میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں اور ان کی ترسیلاتِ زر قومی استحکام اور ترقی کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے لیے مزید سہولیات اور آسانیاں فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مووین پک ہوٹل سینورس اسلام آباد کے جنرل منیجر نکولس وردوں نے کہا کہ عالمی معیار کے حامل ہوٹل برانڈ کے طور پر ہم اوورسیز پاکستانی برادری کے ساتھ اپنے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر فخر محسوس کرتے ہیں یہ اقدام بہتر مہمان نوازی خصوصی فوائد اور وطن واپسی پر اپنائیت کے احساس کو فروغ دینے کی ہماری کوششوں کا عکاس ہے 75 سال سے زائد عرصے پر محیط شاندار ورثے کے حامل مووین پک برانڈ نے ہمیشہ اعلیٰ مہمان نوازی اور منفرد ذائقوں کو فروغ دیا ہے مووین پک ہوٹل سینورس اسلام آباد اسی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے مہمانوں کو پُروقار پُرخلوص اور یادگار تجربات فراہم کر رہا ہے

کوٹ رادھا کشن اور لاہور وفود کی پیر سید ملاقات خصوصی

پیر سید منور حسین شاہ کی کوٹ رادھا کشن اور لاہور وفود سے ملاقات، احترام اور دعا ہوئی گفتگو

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) عالمِ اسلام کی ممتاز روحانی و علمی شخصیت پیر سید منور حسین شاہ جماعتی سے کوٹ رادھا کشن اور لاہور سے تعلق رکھنے والے وفود نے ان کی رہائش گاہ پر خصوصی ملاقات کی۔ محبت، عقیدت اور باہمی احترام سے مزین اس نشست میں جمعیت علمائے پاکستان پنجاب کے سیکرٹری اطلاعات محمد زاہد صدیقی سمیت مختلف سماجی، ادبی، فلاحی اور صحافتی شخصیات نے شرکت کی۔ وفد میں حافظ احد علی انصاری، اللہ رکھا انصاری، میاں محمد اسماعیل، بابا شیخ فاروق احمد، معروف پنجابی شاعر ملک محمد ارشاد، سینئر صحافی و چیئرمین ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور ملک عبدالعزیز انجم، ممبر سپریم کونسل ڈی پی سی قصور ارشد منیر چوہدری، صدر انجمن انصاریاں کوٹ رادھا کشن اظہر صدیق انصاری، شیخ شکیل فیصل، عبدالغفور انصاری، مولوی محمد اکرم انصاری، محمد امین خان، شیخ طارق محمود، علی حمزہ انصاری، محمد اسلم انصاری، ارشاد انصاری اور محمد منیر انصاری شامل تھے۔ اس موقع پر شرکائے وفد نے پیر سید منور حسین شاہ جماعتی کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے اور گل ہائے عقیدت کے ہار پہنا کر اپنی والہانہ محبت اور قلبی وابستگی کا اظہار کیا۔ روحانی خوشبو سے مہکتی اس نشست میں ملکی، ملی، سماجی اور اجتماعی امور پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا، جبکہ امتِ مسلمہ کو درپیش چیلنجز اور ان کے حل کے حوالے سے بھی سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ میزبان کی جانب سے مہمانوں کی چائے، قہوہ اور لذیذ سویٹ ڈشز سے پرتکلف تواضع کی گئی جس سے محفل کی خوشگواری میں مزید اضافہ ہوا۔ ملاقات کے دوران پیر سید منور حسین شاہ جماعتی نے حاجی محمد انصاری کو ریٹائرمنٹ پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے ان کی آئندہ زندگی کے لیے خیر و برکت، صحت و سلامتی اور کامیابیوں کی خصوصی دعا فرمائی۔ اختتام پر پیر صاحب نے امتِ مسلمہ کے اتحاد، ملک کی سلامتی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے دعا کی۔ دعا کے بعد مہمانوں اور میزبان نے باہمی محبت، اخلاص اور نیک تمناؤں کے ساتھ ایک دوسرے سے رخصت لی، جبکہ اس روح پرور ملاقات کی خوشگوار یادیں شرکاء کے دلوں میں دیر تک تازہ رہیں گی۔

قصور میں محرم الحرام علما و انتظامیہ کا امن اتحاد پر زور

قصور میں علامہ محمد حسین ذاکری نے محرم الحرام کے پیغام پر روشنی ڈالی اور امن پر زور دیا

قصور (باقر کمال اسدی) قدیمی امام بارگاہ خیمہ غازی عباس علمدار علیہ السلام عقب دربار بابا بلھے شاہ قصوری رح میں میڈیا سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ محمد حسین ذاکری صاحب نے کہا کہ محرم الحرام ہمیں صبر، قربانی، اتحاد، بھائی چارے اور حق و صداقت کا درس دیتا ہے جبکہ نوجوان نسل کی تعلیم و تربیت اور مثبت سرگرمیوں کا فروغ بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ علامہ محمد حسین ذاکری نے عظمتِ محرم الحرام شہادتِ امام حسینؑ پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ واقعہ کربلاء انسانیت کے لیے ایک عظیم درس ہے اور ہمیں شہدائے کربلاء کے پیغام کو اپنی عملی زندگی میں اپنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے مقدس ایام میں امن، رواداری اور مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دینا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر سینئر ممبر ڈسٹرکٹ امن کمیٹی متولی و خدمت گزار سید علی رضا شمسی نے کہا کہ ڈی پی او قصور آفتاب احمد پھلروان کی جانب سے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات پولیس ڈیوٹی محرم الحرام 2026 پلان تیار کر لیے گئے ہیں جن پہ بانیان مجالس و جلوس مطمئن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو تعلیم، شعور اور مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا ایک مضبوط اور پُرامن معاشرے کی بنیاد ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس، انتظامیہ، علمائے کرام اور عوام کے باہمی تعاون سے نہ صرف محرم الحرام کے دوران امن و امان کی فضا کو برقرار رکھا جا سکتا ہے بلکہ نوجوانوں کی بہتر تربیت اور معاشرتی اصلاح کے اہداف بھی حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ اس موقع پر قدیمی امام بارگاہ خیمہ غازی عباس علمدار کی کابینہ کے اراکین تصدق حسین جعفری، شبیر حسین، شوکت علی، عادل، نصرت رفیق، عمران چودھری، محمد اشرف، حاجی عاطف سجاد احمد، عامر علی، ثاقب منیر، ذوالفقار علی، رضا حسین جعفری، عارف حسین، جنید عباس، شہروز علی خان، محمد اسلم و دیگر بھی موجود تھے اور انہوں نے محرم الحرام کے انتظامات، امن و امان کے قیام اور نوجوان نسل کی مثبت تربیت کے حوالے سے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ آخر میں علامہ محمد حسین ذاکری صاحب اور سید علی رضا شمسی صاحب نے عوام سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے تقدس کا خیال رکھتے ہوئے اتحاد و یگانگت کا مظاہرہ کریں اور نوجوان نسل کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دیں تاکہ ایک پُرامن، ترقی یافتہ اور فلاحی معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔

نارووال میں سرسبز کسان کنونشن، دھان پیداوار بڑھانے پر زور

ظفروال میں زرعی ماہرین نے کسانوں کو جدید کاشت، پانی کے مؤثر استعمال اور پیداوار بڑھانے پر آگاہی دی

نارووال (محمد ندیم خالق) تحصیل ظفروال ضلع نارووال ماشاءاللہ ※ میرج ہال دھمتھل میں سرسبز کسان کنونشن پیداواری مہم برا ※ دھان پروگرام کیا گیا۔ جس میں مہمانان ڈاکٹر شکیل احمد ڈائریکٹر ایگریکلچر ڈویژن گجرانوالہ افتخار احمد ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع نارووال، ندیم احمد (ریجنل سیلز منیجر فاطمہ فرٹیلائزر)، عمران حمید ایس بی (ڈویلپمنٹ منیجر نارتھ)، شاہد اقبال گوندل (ضلعی سیلز منیجر)، حافظ محمد وقاص (ٹیکنیکل سروسز آفیسر) محمد جاوید شہزاد اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع شکر گڑھ محمد عقیل افضل زراعت آفیسر ظفروال، محمد زاہد اقبال ایگریکلچر آفیسر، محمد افضل ایگریکلچر، اے آر گورایہ مرکزی چیئرمین ال پاکستان لمبردار ایسوی ایشن (رجسٹرڈ)، چوہدری نور السلام سندھو مرکزی سیکرٹری فنانس، چوہدری نجیب الرحمان لمبردار نائب صدر تحصیل ظفروال، چوہدری عامر نواز لمبردار، چوہدری ملک سخاوت سابق ناظم یوسی دھمتھل، پٹرولیم والے، چوہدری مشتاق احمد لمبردار سدووالہ تھے۔ کثیر تعداد میں لمبردار سمیت کسانوں نے شرکت کی۔ پروگرام پائیدار زراعت، بہتر پیداوار دھان کے لیے منعقد ہوا۔ جس میں دھان کی جدید کاشت، پانی کے مؤثر استعمال، بہتر زرعی طریقوں اور کسانوں کی پیداواری صلاحیت میں اضافے سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی۔ اس موقع پر ڈاکٹر شکیل احمد ڈائریکٹر ایگریکلچر ڈویژن گوجرانوالہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق زرعی شعبے کی ترقی اور کسانوں کی خوشحالی کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ اس موقع پر اے آر گورایہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کسان اپنی پیداوار میں اضافہ کیلئے زراعت کے محکمہ سے اپنی زمین کا چارٹ تیار کروائیں۔ اس پر عمل کریں۔ مزید کہا کہ اپنی فصل کی پیداوار میں اضافہ کر کے مہنگائی پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ پروگرام کہ آخر میں فاطمہ فرٹیلائزر کی طرف سے افسران کو اور پیداواری مقابلہ گندم میں فرسٹ سیکنڈ تھرڈ نمبر پرانے والے کو شیلڈ پیش کی گی۔

مسلم لیگ ن نے انتخابی ٹکٹ جاری کر دیے

نواز شریف نے آزاد کشمیر کے سینتیس حلقوں کے امیدواروں کی منظوری دے دی



اسلام آباد (پی پی اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات 2026ء کے لیے اپنے امیدواروں کو پارٹی ٹکٹ جاری کر دیے ہیں پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب کے مطابق پارٹی قائد میاں نواز شریف نے آزاد کشمیر کے 37 حلقوں کے لیے امیدواروں کی منظوری دے دی ہے جس کے بعد باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا اعلامیے کے مطابق حلقہ ایل اے 2 چکسواری سے عظیم بخش ایل اے 3 میرپور سے چوہدری محمد سعید ایل اے 4 کھاری سے رخسار احمد ایل اے 5 برنالہ سے وقار احمد نور ایل اے 6 ساہنی سے محمد رزاق چوہدری ایل اے 7 بھمبر سٹی سے چوہدری طارق فاروق ایل اے 9 نکیال سے عمیر نعیم ایل اے 10 کوٹلی سے فتح محمود الحسن اور ایل اے 11 سہنسا سے محمد آصف مسلم لیگ (ن) کے امیدوار ہوں گے اسی طرح ایل اے 12 چھرہوئی سے محمد ریاست خان ایل اے 13 کھوئی رٹہ سے ایاز احمد ایل اے 14 دھیر کوٹ سے راجہ فیصل آزاد ایل اے 15 وسطی باغ سے مشتاق احمد منہاس ایل اے 16 شرقی باغ سے سردار میر اکبر خان ایل اے 17 حویلی سے چوہدری محسن عزیز ایل اے 19 حاجیرا سے سردار امیر الطاف خان ایل اے 20 کھائی گالہ سے عبدالراشد خان اور ایل اے 21 راولاکوٹ سٹی سے طاہر انور خان کو پارٹی ٹکٹ جاری کیا گیا ہے اعلامیے کے مطابق ایل اے 23 پلندری سے محمد نجیب خان ایل اے 24 بلوچ سے فاروق احمد طاہر ایل اے 25 اپر نیلم اور ایل اے 26 لوئر نیلم سے شاہ غلام قادر ایل اے 27 کوٹلہ سے نورین عارف ایل اے 29 مظفر آباد سٹی سے سید افتخار علی گیلانی ایل اے 30 ہٹیاں دوپٹہ سے ڈاکٹر مصطفیٰ بشیر عباسی ایل اے 31 فوارہ سے ثاقب مجید راجہ اور ایل اے 32 سے راجہ محمد فاروق حیدر خان برآں ایل اے 33 لیپہ سے چوہدری محمد رشید ایل اے 34 جموں ون سے آصف حسین ڈار ایل اے 35 جموں ٹو سے چوہدری محمد اسماعیل ایل اے 37 جموں فور سے مریم جاوید ایل اے 38 جموں فائیو سے ذیشان علی ایل اے 39 جموں سکس سے راجہ محمد صدیق ایل اے 40 ویلی ون سے محمد نعیم خان ایل اے 42 ویلی تھری سے سید شوکت علی شاہ ایل اے 43 ویلی فور سے محمد یاسین اور ایل اے 44 ویلی فائیو سے محمد احمد رضا قادری کو بھی پارٹی ٹکٹ جاری کر دیا گیا ہے مسلم لیگ (ن) کی جانب سے امیدواروں کے اعلان کے بعد آزاد کشمیر کی انتخابی سرگرمیوں میں مزید تیزی آنے کا امکان ہے

راولپنڈی کے بلال احمد ملک کی ٹیپ بال کرکٹ میں تاریخی ڈبل سنچری

بیٹر نے صرف ساٹھ گیندوں پر چھبیس چھکوں کی مدد سے شاندار اننگز کھیل ڈالی

راولپنڈی (پی پی اے) راولپنڈی کے سٹار بیٹسمین بلال احمد ملک نے ٹیپ بال کرکٹ کی تاریخ رقم کر دی انہوں نے جارحانہ بلے بازی کرتے ہوئے 60 بال پر ڈبل سنچری بنا ڈالی وہ اس سے قبل بھی ہارڈ بال اور ٹیپ بال ٹورنامنٹس میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے رہے ہیں راولپنڈی اسلام آباد سمیت آزاد کشمیر مری اور لاہور تک جا کر نمایاں کرکٹ ٹورنامنٹس میں حصہ لیتے رہتے ہیں گزشتہ روز کھیلے گئے ٹورنامنٹ میں علاقہ کی چھ ٹیموں نے شرکت کی اس موقع پر دھمیال اینگلز کے ممتاز وکٹ کیپر بیٹسمین بلال ملک نے دھواں دار اننگز کھیلتے ہوئے صرف 60 بال پر ڈبل سنچری سکور کی انکی اننگز میں 26 چھکے اور 4 چوکے شامل تھے یاد رہے اس سے قبل پاکستان کرکٹ کنٹرول بورڈ کے زیر اہتمام راولپنڈی فلیش مین کے سامنے کرکٹ گراؤنڈ جو آبجکل آرمی گراؤنڈ سے یاد کیا جاتا ہے میں بھی بلال ملک نے شاندار پرفارمنس کا مظاہرہ کرتے ہوئے بیٹ بیٹسمین کا اعزاز حاصل کیا تھا منیجر پی سی بی نے تقسیم انعامات تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلال ملک کو پی سی بی اکیڈمی میں لے جانے اور قومی سطح کے مقابلوں میں شامل کرنے کا عندیہ دیا تھا لیکن تاحال اس وعدے کو ایفا نہیں کیا جا سکا راولپنڈی اسلام آباد کے کرکٹ حلقوں کا کہنا ہے کہ بلال ملک جیسے کھلاڑیوں کو اگر موقع دیا جائے تو وہ پی ایس ایل سمیت قومی کرکٹ میں جارحانہ بیٹنگ سے ایک نئی تاریخ بنا سکتے ہیں ادہر کھلاڑیوں نے شکوہ کیا ہے کہ اوپن ٹرائلز کے نام پر اصل کھلاڑیوں کو ٹرائلز میں شامل تک نہیں کیا جاتا اگر اوپن ٹرائلز ہوں تو راولپنڈی اسلام آباد سے بھی وسیم اکرم وقار یونس انضام الحق عاقب جاوید جیسے سٹارز سامنے آ سکتے ہیں یاد رہے بلال ملک راولپنڈی کے سینئر صحافی ڈاکٹر افضال ملک جو خود بھی جنگ سٹارز کے مرکزی بیٹسمین رہے ہیں ان کے یہ بیٹے ہیں

اسلام آباد ٹریفک پولیس کا روڈ سیفٹی سیمینار

پنجندر رینجرز ہیڈ کوارٹرز میں افسران کو ٹریفک قوانین سے متعلق تفصیلی آگاہی فراہم

اسلام آباد (پی پی اے) اسلام آباد ٹریفک پولیس کے زیرِ اہتمام پنجندر رینجرز ہیڈ کوارٹرز میں روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں افسران اور جوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی سیمینار میں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی جبکہ اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ایجوکیشن ونگ نے شرکاء کو ٹریفک قوانین کی پابندی محفوظ ڈرائیونگ اور روڈ سیفٹی کے فروغ سے متعلق تفصیلی آگاہی فراہم کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان نے کہا کہ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد نہ صرف سڑکوں پر حادثات کی روک تھام میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے بلکہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو بھی یقینی بناتا ہے انہوں نے کہا کہ محفوظ سفر اور ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کا فروغ ہر شہری کی مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس مختلف سرکاری و نجی اداروں کے تعاون سے آگاہی پروگراموں سیمینارز اور تربیتی نشستوں کا انعقاد کر رہی ہے تاکہ عوام میں ٹریفک شعور بیدار کیا جا سکے اور سڑکوں پر نظم و ضبط کو بہتر بنایا جا سکے سیمینار کے اختتام پر پنجندر رینجرز اور اسلام آباد ٹریفک پولیس کے افسران کے درمیان اعزازی شیلڈز کا تبادلہ بھی کیا گیا جبکہ شرکاء نے روڈ سیفٹی سے متعلق آگاہی مہم کو سراہتے ہوئے اس کے تسلسل کی ضرورت پر زور دیا

سٹی گارڈن مکینوں کا ملتان روڈ احتجاج

پلاٹ الاٹمنٹ اور ترقیاتی کام نہ ہونے پر شدید احتجاج

(سٹی رپورٹر محمد انیس بٹ) تفصیلات کے مطابق ملتان روڈ لاہور سے جہاں سٹی گارڈن کے مکینوں نے MC دی پروفیشنل کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے خلاف ملتان روڈ پر گورنمنٹ کے ڈیپارٹمنٹ کو آرٹیو کے کے افس کے باہر اپنا احتجاج ریکارڈ کروایا مکینوں کا کہنا تھا سوسائٹی میں تقریبا 900 پلاٹ ہیں پچھلے 10 سال سے ہم اپنے پلاٹ کی انسٹالمنٹ جمع کروا رہے ہیں اور تقریبا 5 سو مکینوں کی پلاٹ کی رقم کمپلیٹ ہو چکی ہے اور ہمیں ہمارے پلاٹ کی نشاندگی بھی نہیں کی جا رہی جبکہ MC جس کے صدر حاجی خلیل صاحب ہیں نے ڈویلپمنٹ کے نام پر 2025 میں کروڑوں روپے اکٹھے کیے اور جون 2026 آگیا ہے اور نہ ہی وہاں ڈویلپمنٹ کی گئی۔ جس پر جناب اسسٹنٹ رجسٹرار نے ممبرز کے ساتھ تعاون بھی کیا اور ایم سی سے جواب بھی طلب کیا۔ ہمارا وزیر اعلیٰ پنجاب سے مریم نواز صاحبہ سے مطالبہ ہے MC دی پروفیشنل کوآپریٹو سوسائٹی کی انتظامیہ کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے اور ہمارے پلاٹ ان سے دلوائے جائے

مانگا منڈی پولیس کی فوری کارروائی

فائرنگ کیس میں ملزم اسلحہ سمیت گرفتار، تفتیش جاری ہے

سندر لاہور رپورٹ (ندیم علی حکیم سے) تفصیلات کے مطابق مانگا منڈی پولیس کی کارروائیماں نگا منڈی پولیس کو شہری مجاہد حسین پر فائرنگ کی اطلاع موصول ہوئیایس پی صدر نے ملزم کی فوری گرفتاری کی ہدایت کیملزم شاہزیب نے مجاہد حسین پر فائرنگ کی جس سے وہ محفوظ رہا مانگا منڈی پولیس نے ملزم کو چند گھنٹوں میں اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا ملزم کے خلاف مقدمہ درج مزید تفتیش جاری ایس پی صدر شاہ رخ خان کی مانگا منڈی پولیس ٹیم کو شاباش

نارووال بم ڈسپوزل ٹیم کی کارروائی

شکر گڑھ میں مارٹر ناکارہ بنا کر بڑی تباہی ٹال دی گئی

نارووال (محمد ندیم خالق) محکمہ سول ڈیفنس کی بم ڈسپوزل ٹیم کی رواں ہفتے کے دوران چوتھی بڑی کارروائی، شکر گڑھ کے نواحی علاقے کو بڑی تباہی سے بچا لیا، ایک عدد 51 ایم ایم مارٹر انڈین میڈ وزن 1KG کو ناکارہ بنا دیا گیا۔ ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر فرحانہ عزیز کی سربراہی میں محکمہ سول ڈیفنس کی طرف سے کمانڈر انوار الحق، اسسٹنٹ کمانڈر رونق علی اور محمد شریف باجوہ و دیگر پر مشتمل بم ڈسپوزل ٹیم نے تحصیل شکر گڑھ کی حدود میں عبدالرحمن چیک پوسٹ رینجر تھانہ نوروکوٹ کے قریب ایک عدد 51 ایم ایم مارٹر انڈین میڈ وزن ایک کلوگرام اپنے قبضے میں لے کر ناکارہ بنا دیا۔ اہل علاقہ کی طرف سے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ سول ڈیفنس کی طرف سے بروقت کارروائی پر خوشی کا اظہار، ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر فرحانہ عزیز کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ محکمہ سول ڈیفنس عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے دن رات مصروف عمل ہے۔

پاکستان کی ثالثی میں ایران اور امریکا کا تاریخی معاہدہ

وزیر اعظم شہباز شریف کے دستخط کے بعد آبنائے ہرمز کھولنے اور جنگ ختم کرنے کا فیصلہ نافذ العمل ہو گیا



اسلام آباد (پی پی اے) وزیر اعظم آفس کے اعلامیے کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان طے پانے والی اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر وزیر اعظم شہباز شریف نے بطور ثالث دستخط کر دیے ہیں اعلامیے کے مطابق اس مفاہمتی یادداشت پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے دستخط پہلے ہی ہو چکے تھے امریکا اور ایران کے درمیان جنگ کے خاتمے اور آبنائے ہرمز کو کھولنے سے متعلق یہ معاہدہ مقررہ وقت سے قبل طے پایا جس کے بعد یہ نافذ العمل ہو گیا ہے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران امریکا مفاہمتی یادداشت پر فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون کی موجودگی میں دستخط کیے، جبکہ ایرانی سرکاری میڈیا نے صدر مسعود پزشکیان کی تصاویر بھی جاری کی ہیں جن میں انہیں معاہدے پر دستخط کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے

ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ میں پاکستان کی مسلسل دوسری شکست

کپتان فاطمہ ثناء کی شاندار نصف سنچری اور آل راؤنڈ کارکردگی بھی قومی ٹیم کو کامیابی نہ دلا سکی

برمنگھم (پی پی اے) ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ فاطمہ ثناء کی شاندار نصف سنچری بھی پاکستان کو شکست سے نہ بچا سکی جنوبی افریقہ 2 وکٹوں سے کامیاب آئی سی سی ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ میں پاکستان ویمنز ٹیم ک